(واو) حرف عطف، (ما) اسم موصول، (کنتم) فعل ناقص، (تم) اس کا اسم، (تکتمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کنتم) کی، (کنتم) اپنے اسم و خبر سے

ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف ہے (ما تبدون) میں موجود (ما) پر.

{وَإِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلَٰٓئِكَةِ}

(واو) استینافیہ، (اذ) ظرفیہ مضاف، (قلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (للملائکة) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ ہوا (اُذۡكُرۡ) فعل مقدر کا، (اذکر) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{ٱسۡجُدُواْ لِأٓدَمَ}

(اسجدوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (لآدم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قلنا) کا.

{فَسَجَدُوٓاْ إِلَّآ إِبۡلِيسَ}

(فاء) حرف عطف، (سجدوا) فعل، اس میں (واو) مستثنیٰ منہ، (الا) حرف استثناء، (ابلیس) مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے ملکر فاعل ہوا (سجدوا) کا، (سجدوا) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قلنا للملئکة...)

{أَبَىٰ}

(ابی) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (ابلیس) کا.

{وَٱسۡتَكۡبَرَ}

(واو) حرف عطف، (استکبر) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ابی) پر.

{وَكَانَ مِنَ ٱلۡكَٰفِرِينَ}

(واو) حرف عطف، (کان) فعل ناقص، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ اس کا اسم، (من الکافرین) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) اسم فاعل کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (کان) کی، (کان) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ابی) پر.

{وَقُلۡنَا}

(واو) حرف عطف، (قلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قلنا للملئکۃ) پر.

{يَٰٓـَٔادَمُ}

(یا) حرف ندا قائم مقام (ادعو) کے، (ادعو) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (آدم) منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قلنا) کا.

{ٱسۡكُنۡ أَنتَ وَزَوۡجُكَ ٱلۡجَنَّةَ}

(اسکن) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ مؤکد، (انت) تاکید، مؤکد اپنی تاکید سے ملکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (زوجک) بترکیب اضافی معطوف، (انت) معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر فاعل، (الجنۃ) مفعول بہ، (اسکن) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا ہوا.

{وَكُلَا مِنۡهَا رَغَدًا}

(واو) حرف عطف، (کلا) فعل، اس میں (الف) فاعل، (منہا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (رغدا) صفت ہے (اکلا) موصوف مقدر کی، (اکلا) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اسکن...) پر.

{حَيۡثُ شِئۡتُمَا}

(حیث) مضاف، (شئتما) فعل، اس میں (الف) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (حیث) کا، (حیث) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہے (کلا) کا.

{وَلَا تَقۡرَبَا هَٰذِهِ ٱلشَّجَرَةَ}

(واو) حرف عطف، (لا) ناهیہ، (تقربا) فعل، اس میں (الف) فاعل، (هذه) موصوف، (الشجرة) صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اسکن...) پر.

{فَتَكُونَا مِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ}

اس کی دو ترکیبیں ہوسکتی ہیں:

ترکیب اول: (فاء) حرف عطف، (تکونا) فعل ناقص، (الف) اس کا اسم، (من الظالمین) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثَابِتَيْنِ) اسم فاعل کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (انتما) ضمیر پوشیده فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (تکونا) کی، (تکونا) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف علیہ (تقربا هذه الشجرة) پر.

ترکیب دوم: (فتکونا) سے قبل (لَا یَحْصُلْ مِنْکُمَا قُرْبٌ) مقدر ہے، جس میں (لا) ناهیہ، (یحصل) فعل، (منکما) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (قرب) معطوف علیہ، (فتکونا) میں (فاء) حرف عطف، اس کے بعد (ان) ناصبہ موصول حرفی مقدر، (تکونا) فعل ناقص، (الف) اس کا فاعل، (من الظالمین) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثَابِتَیْنِ) اسم فاعل کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (انتما) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (تکونا) کی، (تکونا) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) ناصبہ موصول حرفی مقدر کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد معطوف ہوا (قرب) پر، (قرب) معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر فاعل ہوا (لا یحصل) کا، (لا یحصل) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہوا (قلنا یٰادم) میں موجود (قلنا) فعل کا.

{فَأَزَلَّهُمَا ٱلشَّيۡطَٰنُ عَنۡهَا}

(فاء) حرف عطف، (ازل) فعل، (هما) مفعول بہ، (الشیطان) فاعل، (عنها) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قلنا یٰادم) پر.

{فَأَخۡرَجَهُمَا}

(فاء) حرف عطف، (اخرج) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (هما) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فازلهما) پر.

{مِمَّا كَانَا فِيهِ}

(من) حرف جار، (ما) اسم موصول، (کانا) فعل ناقص، (الف) اس کا اسم، (فیه) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثَابِتَيْنِ) مقدر کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (هما) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (کانا) کی، (کانا) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (اخرج) کا.

{وَقُلۡنَا}

(واو) حرف عطف، (قلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فاخرجهما) پر.

{ٱهۡبِطُواْ}

(اهبطوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قلنا) کا.

{بَعۡضُكُمۡ لِبَعۡضٍ عَدُوٌّ}

(بعضکم) بترکیب اضافی مبتدا، (لبعض) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال مقدم، (عدو) ذوالحال مؤخر، ذوالحال مؤخر اپنے حال مقدم سے ملکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (اهبطوا) کے فاعل کا.

{وَلَكُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ مُسۡتَقَرّٞ وَمَتَٰعٌ إِلَىٰ حِينٖ}

(واو) حرف عطف، (لکم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتان) مقدر کا، (ثابتان) اسم فاعل، اس میں (هما) ضمیر پوشیدہ فاعل،

(فی الارض) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے اسی (ثابتان) کا، (ثابتان) اسم فاعل اپنے فاعل، ظرف مستقر اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (مستقر) معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (متاع) موصوف، (الی حین) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (متاع) کی، (متاع) موصوف اپنی صفت سے ملکر معطوف، (مستقر) معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (بعضکم لبعض عدو) پر.

{فَتَلَقَّىٰٓ ءَادَمُ مِن رَّبِّهِۦ كَلِمَٰتٍ}

(فاء) استینافیہ، (تلقی) فعل، (آدم) فاعل، (من ربه) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (کلمات) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{فَتَابَ عَلَيۡهِ}

(فاء) حرف عطف، (تاب) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (علیه) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (تلقی...) پر.

{إِنَّهُۥ هُوَ ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ھاء) اس کا اسم، (ھو) ضمیر فصل، (التواب) خبر اول، (الرحیم) خبر ثانی، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم اور دونوں خبروں سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا.

{قُلۡنَا}

(قلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{ٱهۡبِطُواْ مِنۡهَا جَمِيعٗا}

(اهبطوا) فعل، اس میں (واو) ذوالحال، (جمیعا) حال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل، (منها) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قلنا) کا.

{فَإِمَّا يَأۡتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدٗى فَمَن تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ}

(فاء) استینافیہ، (ان) حرف شرط، (ما) زائد، (یأتین) فعل، (کم) مفعول بہ، (منی) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (هدی) فاعل، (یأتین) فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط اول، (فاء) جزائیہ، (من) اسم شرط مبتدا، (تبع) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیده فاعل، (هدای) بترکیب اضافی مفعول بہ، (تبع) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط ثانی، (فاء) جزائیہ، (لا) برائے نفی جنس ملغی عن العمل، (خوف) مبتدا، (علیهم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیده فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (خوف) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزاء ہوا شرط ثانی کی، شرط ثانی اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر خبر ہوا (من) کی، (من) اسم شرط مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزاء ہوا شرط اول (اما یأتینکم) کی، شرط اول اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُونَ}

(واو) حرف عطف، (لا) زائد برائے تاکید، (هم) مبتدا، (یحزنون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (هم) کی، (هم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا خوف علیهم) پر.

{وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَكَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِنَآ أُوْلَٰٓئِكَ أَصۡحَٰبُ ٱلنَّارِۖ هُمۡ فِيهَا خَٰلِدُونَ}

(واو) حرف عطف، (الذین) اسم موصول، (کفروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (کذبوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (باء) حرف جار، (آیاتنا) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (کذبوا) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، (کفروا) معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مبتدا، (اولئک) مبتدا، (اصحاب النار) بترکیب اضافی ذوالحال، (هم) مبتدا، (فیها) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (خالدون) کا، (خالدون) اسم فاعل، اس میں (هم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ خبریہ خبر ہوا (هم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال، (اصحاب النار) ذوالحال اپنے حال سے ملکر خبر ہوا (اولئک) کی، (اولئک) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (الذین) کی، (الذین) اسم موصول مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فمن تبع هدای...) پر.

{يَٰبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ}

(یا) حرف ندا قائم مقام (ادعو) فعل کے، (ادعو) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (بنی اسرائیل) بترکیب اضافی منادی مفعول بہ،

(ادعو) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{ٱذۡكُرُواْ نِعۡمَتِيَ}

(اذکروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (نعمتی) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا ہوا.

{ٱلَّتِيٓ أَنۡعَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ}

(التی) اسم موصول، (انعمت) فعل، اس میں (تاء) فاعل، (علیکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (التی) اپنے صلہ سے ملکر صفت ہے (نعمتی) کی.

{وَأَوۡفُواْ بِعَهۡدِيٓ}

(واو) حرف عطف، (اوفوا) فعل امر، اس میں (واو) فاعل، (باء) حرف جار، (عهدی) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذکروا) پر.

{أُوفِ بِعَهۡدِكُمۡ}

(اوف) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیده فاعل، (باء) حرف جار، (عهدكم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اِنْ تُوْفُوْا بِعَهْدِیْ) کی، جس میں (ان) حرف شرط، (توفوا) فعل، (واو) فاعل، (بعهدی) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (توفوا) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، شرط

اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر حال ہے (اوفوا) کے فاعل (واو) ضمیر مرفوع متصل کا.

{وَإِيَّٰيَ}

(واو) حرف عطف، (ایای) مفعول بہ مقدم ہوا (اِرْهَبُوْا) مقدر کا، (ارھبوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذکروا) پر.

{فَٱرۡهَبُونِ}

(فاء) زائد، (ارھبوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (نون) برائے وقایہ، (یاء) محذوف مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مفسرہ ہوا.

{وَءَامِنُواْ بِمَآ أَنزَلۡتُ مُصَدِّقٗا}

(واو) حرف عطف، (آمنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذکروا) پر.

{بِمَآ أَنزَلۡتُ مُصَدِّقٗا}

(باء) حرف جار، (ما) اسم موصول، (انزلت) یہ اصل میں (انزلته) تھا، جس میں (انزلت) فعل، (تاء) فاعل، (ھاء) محذوف ذوالحال، (مصدقا) حال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (آمنوا) کا.

{لِّمَا مَعَكُمۡ}

(لام) حرف جار، (ما) اسم موصول، (معکم) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا (ثَبَتَ) مقدر کا، (ثبت) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (مصدقا) کا.

{وَلَا تَكُونُوٓاْ أَوَّلَ كَافِرِۭ بِهِۦ}

(واو) حرف عطف، (لا) ناھیہ، (تکونوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (اول) مضاف، (کافر) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (بہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (کافر) کا، (کافر) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر مضاف الیہ، (اول) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوا (لا تکونوا) کی، (لا تکونوا) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذکروا) پر.

{وَلَا تَشۡتَرُواْ بِـَٔايَٰتِي ثَمَنٗا قَلِيلٗا}

(واو) حرف عطف، (لا) ناھیہ، (تشتروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (باء) حرف جار، (آیاتی) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (ثمنا قلیلا) بترکیب توصیفی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذکروا) پر.

{وَإِيَّٰيَ}

(واو) حرف عطف، (ایای) مفعول بہ مقدم ہوا (اتقوا) مقدر کا، (اتقوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذکروا) پر.

{فَٱتَّقُونِ}

(فاء) زائد، (اتقوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (نون) برائے وقایہ، (یاء) محذوف مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مفسرہ ہوا.

{وَلَا تَلْبِسُواْ ٱلْحَقَّ بِٱلْبَٰطِلِ}

(واو) حرف عطف، (لا) ناھیہ، (تلبسوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الحق) مفعول بہ، (بالباطل) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذکروا) پر.

{وَتَكْتُمُواْ ٱلْحَقَّ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ}

(واو) حرف عطف، (تکتموا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الحق) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (تلبسوا الحق) پر.

{وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ}

(واو) حالیہ، (انتم) مبتدا، (تعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (تکتموا) کے فاعل کا.

{وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ}

(واو) حرف عطف، (اقیموا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الصلاۃ) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذکروا) پر.

{وَءَاتُواْ ٱلزَّكَوٰةَ}

(واو) حرف عطف، (آتوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الزکاۃ) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذکروا) پر.

{وَٱرۡكَعُواْ مَعَ ٱلرَّٰكِعِينَ}

(واو) حرف عطف، (ارکعوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (مع الراکعین) بترکیب اضافی مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذکروا) پر.

{أَتَأۡمُرُونَ ٱلنَّاسَ بِٱلۡبِرِّ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (تأمرون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الناس) مفعول بہ، (بالبر) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{وَتَنسَوۡنَ أَنفُسَكُمۡ}

(واو) حرف عطف، (تنسون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (انفسکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (تأمرون الناس) پر.

{وَأَنتُمۡ تَتۡلُونَ ٱلۡكِتَٰبَۚ}

(واو) حالیہ، (انتم) مبتدا، (تتلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الکتاب) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (انتم) کی، (انتم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (تنسون) کے فاعل (واو) ضمیر مرفوع متصل کا.

{أَفَلَا تَعۡقِلُونَ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (فاء) حرف عطف، (لا) نافیہ، (تعقلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (أتامرون الناس) پر.

{وَٱسۡتَعِينُواْ بِٱلصَّبۡرِ وَٱلصَّلَوٰةِۚ}

(واو) حرف عطف، (استعینوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (باء) حرف جار، (الصبر والصلاۃ) بترکیب عطفی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (استعینوا) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (وارکعوا مع الراکعین) پر.

{وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلَّا عَلَى ٱلۡخَٰشِعِينَ}

(واو) حالیہ، (ان) حرف مشبہ بالفعل، (ها) اس کا اسم، (لام) حرف تاکید، (کبیرۃ) صیغہ صفت، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، (الا) حرف حصر، (علی الخاشعین) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (کبیرۃ) کا، (کبیرۃ) صیغہ صفت اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (الصلاۃ) کا.

{ٱلَّذِينَ يَظُنُّونَ}

(الذین) اسم موصول، (یظنون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر صفت ہے (الخاشعین) کی.

{أَنَّهُم مُّلَٰقُواْ رَبِّهِمۡ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی، (ھم) اس کا اسم، (ملاقو ربھم) بترکیب اضافی خبر، (ان) موصول حرفی کا اسم اپنی خبر سے ملکر

جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مفعول بہ ہے (یظنون) کا.

{وَأَنَّهُمۡ إِلَيۡهِ رَٰجِعُونَ}

(واو) حرف عطف، (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی، (هم) اس کا اسم، (الیه) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (راجعون) کا، (راجعون) اسم فاعل، اس میں (هم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد معطوف ہے (انهم ملاقوا ربهم) پر.

{يَٰبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ٱذۡكُرُواْ نِعۡمَتِيَ ٱلَّتِيٓ أَنۡعَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ}

اس کی ترکیب آیت نمبر [٤٠] میں گزر چکی...

{وَأَنِّي فَضَّلۡتُكُمۡ عَلَى ٱلۡعَٰلَمِينَ}

(واو) حرف عطف، (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی، (یاء) اس کا اسم، (فضلت) فعل، اس میں (تاء) فاعل، (کم) مفعول بہ، (علی العالمین) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی) میں موجود (نعمتی) پر.

{وَٱتَّقُواْ يَوۡمٗا}

(واو) حرف عطف، (اتقوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (یوما) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذکروا: آیت/٤٧) پر.

{لَّا تَجۡزِي نَفۡسٌ عَن نَّفۡسٖ شَيۡـٔٗا}

(لا) نافیہ، (تجزی) فعل، (نفس) فاعل، (عن نفس) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (شیئا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ہے (یوما) کی.

{وَلَا يُقۡبَلُ مِنۡهَا شَفَٰعَةٞ}

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (یقبل) فعل مجہول، (منها) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (شفاعة) نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا تجزی...) پر.

{وَلَا يُؤۡخَذُ مِنۡهَا عَدۡلٞ}

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (یوخذ) فعل مجہول، (منها) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (عدل) نائب فاعل، فعل مجهول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا تجزی...) پر.

{وَلَا هُمۡ يُنصَرُونَ}

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (هم) مبتدا، (ینصرون) فعل مجہول، اس میں (واو) نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (هم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا تجزی...) پر.

{وَإِذۡ نَجَّيۡنَٰكُم مِّنۡ ءَالِ فِرۡعَوۡنَ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (نجینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (کم) مفعول بہ، (من) حرف جار، (آل فرعون) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (نجینا) فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیت/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{يَسُومُونَكُمْ سُوٓءَ ٱلْعَذَابِ}

(یسومون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (کم) مفعول بہ اول، (سوء العذاب) بترکیب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال، (آل فرعون) کا.

{يُذَبِّحُونَ أَبْنَآءَكُمْ}

(یذبحون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (ابناءکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا.

{وَيَسْتَحْيُونَ نِسَآءَكُمْ}

(واو) حرف عطف، (یستحیون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (نساءکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے (یذبحون) پر.

{وَفِي ذَٰلِكُم بَلَآءٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَظِيم}

(واو) استینافیہ، (فی ذلکم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (بلاء) موصوف، (من) حرف جار، (ربکم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم

فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت اول، (عظیم) صفت ثانی، (بلاء) موصوف اپنی دونوں صفات سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَإِذۡ فَرَقۡنَا بِكُمُ ٱلۡبَحۡرَ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (فرقنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (بکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (البحر) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیت/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{فَأَنجَيۡنَٰكُمۡ}

(فاء) حرف عطف، (انجینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (کم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فرقنا) پر.

{وَأَغۡرَقۡنَآ ءَالَ فِرۡعَوۡنَ}

(واو) حرف عطف، (اغرقنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (آل فرعون) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (انجیناکم) پر.

{وَأَنتُمۡ تَنظُرُونَ}

(واو) حالیہ، (انتم) مبتدا، (تنظرون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (انتم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (آل فرعون) کا.

{وَإِذۡ وَٰعَدۡنَا مُوسَىٰٓ أَرۡبَعِينَ لَيۡلَةٗ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (واعدنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (موسی) مفعول بہ اول، (اربعین) ممیز، (لیلۃ) تمییز، ممیز اپنی تمییز سے ملکر مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیت/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{ثُمَّ ٱتَّخَذۡتُمُ ٱلۡعِجۡلَ مِنۢ بَعۡدِهِۦ}

(ثم) حرف عطف، (اتخذتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، (العجل) مفعول بہ، (من) حرف جار، (بعدہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (واعدنا موسی) پر.

{وَأَنتُمۡ ظَٰلِمُونَ}

(واؤ) حالیہ، (انتم) مبتدا، (ظالمون) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (اتخذتم) کے فاعل (تم) ضمیر مرفوع متصل کا.

{ثُمَّ عَفَوۡنَا عَنكُم مِّنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَ}

(ثم) حرف عطف، (عفونا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (عنکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو اول، (من) حرف جار، (بعد ذلک) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ثانی، (عفونا) فعل اپنے فاعل اور دونوں ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اتخذتم...) پر.

{لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ}

(لعل) حرف مشبہ بالفعل، (کم) اس کا اسم، (تشکرون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (لعل) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر حال ہے (عنکم) کی (کم) ضمیر مجرور کا.

{وَإِذۡ ءَاتَيۡنَا مُوسَى ٱلۡكِتَٰبَ وَٱلۡفُرۡقَانَ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (آتینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (موسی) مفعول بہ اول، (الکتاب و الفرقان) بترکیب عطفی مفعول بہ ثانی، (آتینا) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیت/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{لَعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُونَ}

(لعل) حرف مشبہ بالفعل، (کم) اس کا اسم، (تہتدون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (لعل) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر حال ہے (الکتاب و الفرقان) کا.

{وَإِذۡ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوۡمِهِۦ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (قال) فعل، (موسی) فاعل، (لام) حرف جار، (قومہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیت/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{يَٰقَوۡمِ}

(یا) حرف ندا قائم مقام (ادعو) کے، (ادعو) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (قوم) مضاف، (یاء) محذوف مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{إِنَّكُمۡ ظَلَمۡتُمۡ أَنفُسَكُم}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (کم) اس کا اسم، (ظلمتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، (انفسکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب ندا ہوا.

{بِٱتِّخَاذِكُمُ ٱلۡعِجۡلَ}

(باء) حرف جار، (اتخاذ) مصدر مضاف، (کم) مضاف الیہ، (العجل) مفعول بہ ہے (اتخاذ) کا، (اتخاذ) مضاف اپنے مضاف الیہ اور مفعول بہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (ظلمتم) کا.

{فَتُوبُوٓاْ إِلَىٰ بَارِئِكُمۡ}

(فاء) تعلیلیہ، (توبوا) فعل امر، اس میں (واو) فاعل، (الی) حرف جار، (بارئکم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ معللہ ہوا.

{فَٱقۡتُلُوٓاْ أَنفُسَكُمۡ}

(فاء) حرف عطف، (اقتلوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (انفسکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (توبوا) پر.

{ذَٰلِكُمۡ خَيۡرٞ لَّكُمۡ عِندَ بَارِئِكُمۡ}

(ذلکم) مبتدا، (خیر) اسم تفضیل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لام) حرف جار، (کم) ذوالحال، (عند بارئکم) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا (ثابتین) اسم فاعل کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (انتم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہوا (کم) کا، (کم) ذوالحال اپنے حال سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (خیر) کا، (خیر) اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر خبر ہوا (ذلکم) کی، (ذلکم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا.

{فَتَابَ عَلَيۡكُمۡۚ}

(فاء) حرف عطف، (تاب) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (علیکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فَفَعَلْتُمْ) مقدر پر، جس میں (فاء) حرف عطف، (فعلتم) فعل، اس میں (تاء) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اذ قال موسی...) میں موجود (قال) پر.

{إِنَّهُۥ هُوَ ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ھاء) اس کا اسم، (ھو) ضمیر فصل، (التواب) خبر اول، (الرحیم) خبر ثانی، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم اور دونوں خبروں سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَإِذۡ قُلۡتُمۡ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (قلتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ)

کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیت/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{يَٰمُوسَىٰ}

(یا) حرف ندا قائم مقام (ندعو) کے، (ندعو) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (موسی) منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قلتم) کا.

{لَن نُّؤۡمِنَ لَكَ}

(لن) نافیہ، (نؤمن) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لک) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب ندا ہوا.

{حَتَّىٰ نَرَى ٱللَّهَ جَهۡرَةٗ}

(حتی) حرف جار، اس کے بعد (ان) ناصبہ موصول حرفی مقدر، (نری) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (اللہ) اسم جلالت مفعول بہ، (جهرة) مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی مقدر کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (لن نؤمن) کا.

{فَأَخَذَتۡكُمُ ٱلصَّٰعِقَةُ}

(فاء) حرف عطف، (اخذت) فعل، (کم) مفعول بہ، (الصاعقة) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قلتم) پر.

{وَأَنتُمۡ تَنظُرُونَ}

(واو) حالیہ، (انتم) مبتدا، (تنظرون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (انتم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (اخذتکم) کی (کم) ضمیر منصوب متصل کا.

{ثُمَّ بَعَثۡنَٰكُم مِّنۢ بَعۡدِ مَوۡتِكُمۡ}

(ثم) حرف عطف، (بعثنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (کم) مفعول بہ، (من) حرف جار، (بعد موتکم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اخذتکم) پر.

{لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ}

(لعل) حرف مشبہ بالفعل، (کم) اس کا اسم، (تشکرون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (لعل) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر حال ہے (بعثناکم) کی (کم) ضمیر منصوب متصلکا.

{وَظَلَّلۡنَا عَلَيۡكُمُ ٱلۡغَمَامَ}

(واو) حرف عطف، (ظللنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (علیکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (الغمام) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (بعثناکم) پر.

{وَأَنزَلۡنَا عَلَيۡكُمُ ٱلۡمَنَّ وَٱلسَّلۡوَىٰ}

(واو) حرف عطف، (انزلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (علیکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (المن والسلوی) بترکیب عطفی مفعول بہ،

فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ظللنا) پر.

{كُلُواْ مِن طَيِّبَٰتِ مَا رَزَقۡنَٰكُمۡ}

(کلوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (من) حرف جار، (طیبات) مضاف، (ما) اسم موصول، (رزقنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (کم) مفعول بہ، (رزقنا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا (طیبات) کا، (طیبات) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (کلوا) کا، (کلوا) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہوا (قلنا) فعل مقدر کا، (قلنا) فعل، اس میں (نا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (انزلنا) کے فاعل (نا) ضمیر مرفوع متصل کا.

{وَمَا ظَلَمُونَا}

(واو) حرف عطف، (ما) نافیہ، (ظلموا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (نا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فَظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ) مقدر پر، جس میں (فاء) حرف عطف، (ظلموا) فعل، (واو) فاعل، (انفسهم) بترکیب اضافی مفعول بہ، (ظلموا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (وظللنا علیکم الغمام) پر.

{وَلَٰكِن كَانُوٓاْ أَنفُسَهُمۡ يَظۡلِمُونَ}

(واو) حرف عطف، (لکن) حرف استدراک، (کانوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (انفسهم) بترکیب اضافی مفعول بہ مقدم ہوا (یظلمون) کا، (یظلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم

سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کانوا) کی، (کانوا) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (وما ظلمونا) پر.

{وَإِذۡ قُلۡنَا}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (قلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیت/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{ٱدۡخُلُواْ هَٰذِهِ ٱلۡقَرۡيَةَ}

(ادخلوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (هذه) مبدل منہ، (القرية) بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قلنا) کا.

{فَكُلُواْ مِنۡهَا حَيۡثُ شِئۡتُمۡ رَغَدٗا}

(فاء) حرف عطف، (کلوا) فعل، اس میں (واو) ذوالحال، (منها) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (حيث) مضاف، (شئتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (حيث) کا، (حيث) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوا (ثابتين) اسم فاعل مقدر کا، (ثابتين) اسم فاعل، اس میں (انتم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہوا (واو) کا، (واو) ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل ہوا (کلوا) کا، (رغدا) صفت ہے (اکلا) موصوف مقدر کی، (اکلا) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول مطلق ہوا (کلوا) کا، (کلوا) فعل اپنے فاعل، ظرف لغو، اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (ادخلوا هذه القرية) پر.

{وَٱدۡخُلُواْ ٱلۡبَابَ سُجَّدٗا}

(واو) حرف عطف، (ادخلوا) فعل، اس میں (واو) ذوالحال، (سجدا) حال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل، (الباب) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (کلوا منھا...) پر.

{وَقُولُواْ حِطَّةٞ}

(واو) حرف عطف، (قولوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (حطة) خبر ہے (سؤالنا) مبتدائے محذوف کی، مبتدائے محذوف اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ، (قولوا) فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (کلوا منھا...) پر.

{نَّغۡفِرۡ لَكُمۡ خَطَٰيَٰكُمۡ}

(نغفر) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (خطایاکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اِنْ تَقُوْلُوْا) کی، جس میں (ان) حرف شرط، (تقولوا) فعل، (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر حال ہے (قولوا) فاعل (واو) ضمیر مرفوع متصل کا.

{وَسَنَزِيدُ ٱلۡمُحۡسِنِينَ}

(واو) استینافیہ، (سین) حرف استقبال، (نزید) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (المحسنین) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{فَبَدَّلَ ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ}

(فاء) استینافیہ، (بدل) فعل، (الذین) اسم موصول، (ظلموا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{قَوۡلًا غَيۡرَ ٱلَّذِي قِيلَ لَهُمۡ}

(قولا) موصوف، (غیر) مضاف، (الذی) اسم موصول، (قیل) فعل مجہول، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، (لھم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (قیل) فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (الذی) کا، (الذی) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا (غیر) کا، (غیر) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر صفت ہوا (قولا) کی، (قولا) موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ ہے (بدل) کا.

{فَأَنزَلۡنَا}

(فاء) حرف عطف، (انزلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فبدل الذین) پر.

{عَلَى ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ}

(علی) حرف جار، (الذین) اسم موصول، (ظلموا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (انزلنا) کا.

{رِجۡزٗا مِّنَ ٱلسَّمَآءِ}

(رجزا) موصوف، (من السماء) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل،

اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت، (رجزا) موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ ہے (انزلنا) کا.

{بِمَا كَانُواْ يَفۡسُقُونَ}

(باء) حرف جار، (ما) مصدریہ موصول حرفی، (کانوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (یفسقون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کانوا) کی، (کانوا) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (انزلنا) کا.

{وَإِذِ ٱسۡتَسۡقَىٰ مُوسَىٰ لِقَوۡمِهِۦ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (استسقی) فعل، (موسی) فعل، (لام) حرف جار، (قومہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیت/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{فَقُلۡنَا}

(فاء) حرف عطف، (قلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (واستسقی موسی...) پر.

{ٱضۡرِب بِّعَصَاكَ ٱلۡحَجَرَ}

(اضرب) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (باء) حرف جار، (عصاک) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو،

(الحجر) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قلنا) کا.

{فَٱنفَجَرَتۡ مِنۡهُ ٱثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَيۡنٗا}

(فاء) حرف عطف، (انفجرت) فعل، (منه) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (اثنتا عشرة) بترکیب بنائی ممیز، (عینا) تمییز، ممیز اپنی تمییز سے ملکر فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فَضَرَبَ) مقدر پر، جس میں (فاء) حرف عطف، (ضرب) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فقلنا) پر.

{قَدۡ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٖ مَّشۡرَبَهُمۡۖ}

(قد) حرف تحقیق، (علم) فعل، (کل اناس) بترکیب اضافی فاعل، (مشربھم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{كُلُواْ}

(کلوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہوا (قُلْنَا لَهُمْ) مقدر کا، جس میں (قلنا) فعل، (نا) فاعل، (لھم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (قلنا) فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (کل اناس) کا.

{وَٱشۡرَبُواْ مِن رِّزۡقِ ٱللَّهِ}

(واو) حرف عطف، (اشربوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (من) حرف جار، (رزق الله) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف

لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (کلوا) پر.

{وَلَا تَعۡثَوۡاْ فِي ٱلۡأَرۡضِ مُفۡسِدِينَ}

(واو) حرف عطف، (لا) ناهیہ، (تعثوا) فعل، اس میں (واو) ذوالحال، (مفسدین) حال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل، (فی الارض) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (کلوا) پر.

{وَإِذۡ قُلۡتُمۡ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (قلتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیت/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{يَٰمُوسَىٰ}

(یا) حرف ندا قائم مقام (ندعو) کے، (ندعو) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (موسی) منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قلتم) کا.

{لَن نَّصۡبِرَ عَلَىٰ طَعَامٖ وَٰحِدٖ}

(لن) نافیہ، (نصبر) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (علی) حرف جار، (طعام واحد) بترکیب توصیفی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب ندا ہوا.

{فَٱدۡعُ لَنَا رَبَّكَ}

(فاء) استینافیہ، (ادع) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لنا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (ربک) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{يُخۡرِجۡ لَنَا}

(یخرج) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لنا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اِنْ تَدْعُ) کی، جس میں (ان) حرف شرط، (تدع) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر حال ہے (فادع لنا ربک) میں موجود (ربک) کا.

{مِمَّا تُنۢبِتُ ٱلۡأَرۡضُ}

(من) حرف جار، (ما) اسم موصول، (تنبت) فعل، (الارض) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (یخرج) کا.

{مِنۢ بَقۡلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُومِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا}

(من) حرف جار، (بقلها) بترکیب اضافی معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (قثائها) بترکیب اضافی معطوف اول، (واو) حرف عطف، (فومها) بترکیب اضافی معطوف ثانی، (واو) حرف عطف، (عدسها) بترکیب اضافی معطوف ثالث، (واو) حرف عطف، (بصلها) بترکیب اضافی معطوف رابع، معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر بدل ہے (مما) سے.

{قَالَ}

(قال) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{أَتَسۡتَبۡدِلُونَ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (تستبدلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{ٱلَّذِي هُوَ أَدۡنَىٰ}

(الذی) اسم موصول، (ھو) مبتدا، (ادنی) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذی) اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (تستبدلون) کا.

{بِٱلَّذِي هُوَ خَيۡرٌ}

(باء) حرف جار، (الذی) اسم موصول، (ھو) مبتدا، (خیر) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذی) اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (تستبدلون) کا.

{ٱهۡبِطُواْ مِصۡرٗا}

(اھبطوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (مصرا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{فَإِنَّ لَكُم مَّا سَأَلۡتُمۡۗ}

(فاء) تعلیلیہ، (ان) حرف مشبہ بالفعل، (لکم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر

شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (ما) اسم موصول، (سألتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر اسم مؤخر ہوا (ان) کا، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا.

{وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ ٱلذِّلَّةُ وَٱلْمَسْكَنَةُ}

(واو) استینافیہ، (ضربت) فعل مجہول، (علیہم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (الذلة والمسكنة) بترکیب عطفی نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَبَآءُو بِغَضَبٍ مِّنَ ٱللَّهِ}

(واو) حرف عطف، (باءوا) فعل، اس میں (واو) ذوالحال، (باء) حرف جار، (غضب) موصوف، (من الله) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتٍ) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (غضب) کی، (غضب) موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتین) اسم فاعل کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہوا (واو) کا، (واو) ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل ہوا (باءوا) کا، (باءوا) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ضربت علیہم...) پر.

{ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُوا۟ يَكْفُرُونَ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ}

(ذلک) مبتدا، (باء) حرف جار، (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی، (ھم) اس کا اسم، (کانوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (یکفرون) فعل،

اس میں (واو) فاعل، (باء) حرف جار، (آیات اللہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (یکفرون) کا، (یکفرون) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کانوا) کی، (کانوا) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کے اسم کی، (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (ذلک) کی، (ذلک) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَيَقۡتُلُونَ ٱلنَّبِيِّـۧنَ}

(واو) حرف عطف، (یقتلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (النبیین) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (یکفرون) پر.

{بِغَيۡرِ ٱلۡحَقِّۗ}

(باء) حرف جار، (غیر الحق) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتین) مقدر کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (یقتلون) کے فاعل کا.

{ذَٰلِكَ بِمَا عَصَواْ}

(ذلک) مبتدا، (باء) حرف جار، (ما) مصدریہ موصول حرفی، (عصوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) مصدریہ موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے

صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (ذلک) کی، (ذلک) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَّكَانُواْ يَعۡتَدُونَ}

(واو) حرف عطف، (کانوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (یعتدون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کانوا) کی، (کانوا) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (عصوا) پر.

{إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَٱلَّذِينَ هَادُواْ وَٱلنَّصَٰرَىٰ وَٱلصَّٰبِـِٔينَ مَنۡ ءَامَنَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ وَعَمِلَ صَٰلِحٗا فَلَهُمۡ أَجۡرُهُمۡ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (الذین) اسم موصول، (آمنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (الذین) اسم موصول، (ھادوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف اول، (واو) حرف عطف، (النصاری) معطوف ثانی، (واو) حرف عطف، (الصابئین) معطوف ثالث، معطوف علیہ اپنے تینوں معطوفات سے ملکر مبدل منہ، (من) اسم موصول، (آمن) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (باء) حرف جار، (اللہ) اسم جلالت معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (الیوم الآخر) بترکیب توصیفی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (آمن) کا، (آمن)

فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (عمل) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (صالحا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، (آمن) معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر صلہ ہوا (من) کا، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر اسم ہوا (ان) کا، (فاء) جزائیہ، (لھم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (اجرھم) بترکیب اضافی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{عِندَ رَبِّهِمۡ}

(عند ربھم) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (اجرھم) کا.

{وَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ}

(واو) حرف عطف، (لا) برائے نفی جنس ملغی عن العمل، (خوف) مبتدا، (علیھم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (خوف) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لھم اجرھم...) پر.

{وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُونَ}

(واو) حرف عطف، (لا) زائد برائے تاکید، (هم) مبتدا، (یحزنون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (هم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لهم اجرهم...) پر.

{وَإِذۡ أَخَذۡنَا مِيثَٰقَكُمۡ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (اخذنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (میثاقکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیة/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{وَرَفَعۡنَا فَوۡقَكُمُ ٱلطُّورَ}

(واو) حرف عطف، (رفعنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (فوقکم) بترکیب اضافی مفعول فیہ، (الطور) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، مفعول فیہ اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اخذنا) پر.

{خُذُواْ}

(خذوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہوا (قلنا) مقدر کا، (قلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (رفعنا) کے فاعل کا.

{مَآ ءَاتَيۡنَٰكُم}

(ما) اسم موصول، (آتینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (کم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (خذوا) کا.

{بِقُوَّةٖ}

(بقوۃ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتین) مقدر کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (انتم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (خذوا) کے فاعل کا.

{وَٱذۡكُرُواْ}

(واو) حرف عطف، (اذکروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (خذوا) پر.

{مَا فِيهِ}

(ما) اسم موصول، (فیہ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثَبَتَ) مقدر کا، (ثبت) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (اذکروا) کا.

{لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُونَ}

(لعل) حرف مشبہ بالفعل، (کم) اس کا اسم، (تتقون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (لعل) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر حال ہے (اذکروا) کے فاعل کا.

{ثُمَّ تَوَلَّيۡتُم مِّنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَ}

(ثم) حرف عطف، (تولیتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، (من) حرف جار، (بعد ذلک) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اخذنا میثاقکم) پر.

{فَلَوۡلَا فَضۡلُ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهُۥ}

(فاء) استینافیہ، (لولا) حرف امتناع، (فضل) اسم مصدر مضاف، (اللہ) اسم جلالت مضاف الیہ، (علیکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (فضل) کا، (فضل) اسم مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے ملکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (رحمتہ) بترکیب اضافی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبتدا، اور اس کی خبر (موجودان) محذوف ہے، مبتدائے مذکور اپنی خبر محذوف سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{لَكُنتُم مِّنَ ٱلۡخَٰسِرِينَ}

(لام) حرف تاکید، (کنتم) فعل ناقص، (تم) اس کا اسم، (من الخاسرین) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتین) اسم فاعل کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (انتم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (کنتم) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب (لولا) ہوا.

{وَلَقَدۡ عَلِمۡتُمُ}

(واو) استینافیہ، (لام) برائے جواب قسم، (قد) حرف تحقیق، (علمتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم محذوف (وَاللّٰہِ) کا، جس میں (واو) حرف جار، (اللہ) اسم جلالت مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) مقدر کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{ٱلَّذِينَ ٱعۡتَدَوۡاْ مِنكُمۡ فِي ٱلسَّبۡتِ}

(الذین) اسم موصول، (اعتدوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (منکم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتین) مقدر کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہوا (اعتدوا) کے فاعل کا، (فی السبت) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (اعتدوا) کا، (اعتدوا) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (علمتم) کا.

{فَقُلْنَا لَهُمْ}

(فاء) حرف عطف، (قلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (لھم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اعتدوا) پر.

{كُونُواْ قِرَدَةً خَٰسِئِينَ}

(کونوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (قردۃ) خبر اول، (خاسئین) خبر ثانی، (کونوا) اپنے اسم اور دونوں خبروں سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قلنا) کا.

{فَجَعَلْنَٰهَا نَكَٰلًا}

(فاء) حرف عطف، (جعلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (ھا) مفعول بہ اول، (نکالا) مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قلنا لھم) پر.

{لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا}

(لام) حرف جار، (ما) اسم موصول، (بین یدیھا) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا (ثَبَتَ) مقدر کا، (ثبت) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ

ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (ما) اسم موصول، (خلفها) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا (ثَبَتَ) مقدر کا، (ثبت) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہے (نکالا) کی.

{وَمَوۡعِظَةٗ لِّلۡمُتَّقِينَ}

(واو) حرف عطف، (موعظة) موصوف، (للمتقين) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتةً) مقدر کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر معطوف ہے (نکالا) پر.

{وَإِذۡ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوۡمِهِۦٓ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (قال) فعل، (موسی) فاعل، (لام) حرف جار، (قومه) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیة/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُكُمۡ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (اللہ) اسم جلالت اس کا اسم، (یامر) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (کم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{أَن تَذۡبَحُواْ بَقَرَةً}

(ان) ناصبہ موصول حرفی، (تذبحوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (بقرۃ) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور ہوا (باء) حرف جار مقدر کا، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (یامر) کا.

{قَالُوٓاْ}

(قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{أَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا}

(ہمزہ) حرف استفہام، (تتخذ) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (نا) مفعول بہ اول، (ھزوا) مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{قَالَ}

(قال) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{أَعُوذُ بِٱللَّهِ}

(اعوذ) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (باللہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ لفظاً خبریہ معنیً انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{أَنْ أَكُونَ مِنَ ٱلْجَٰهِلِينَ}

(ان) ناصبہ موصول حرفی، (اکون) فعل ناقص، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (من الجاھلین) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (اکون) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور ہوا (من) حرف جار مقدر کا، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (اعوذ) کا.

{قَالُواْ}

(قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{ٱدْعُ لَنَا رَبَّكَ}

(ادع) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لنا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (ربک) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{يُبَيِّن لَّنَا}

(یبین) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لنا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ

ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اِنْ تَدْعُ) کی، جس میں (ان) حرف شرط، (تدع) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر حال ہے (ربك) کا.

{مَا هِيَ}

(ما) اسم استفہام مبتدا، (ھی) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر مفعول بہ ہے (یبین) کا.

{قَالَ}

(قال) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{إِنَّهُ يَقُولُ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ھاء) اس کا اسم، (یقول) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ھا) اس کا اسم، (بقرة) موصوف، (لا) نافیہ، (فارض) معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (بکر) معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (یقول) کا.

{عَوَانٌ بَيْنَ ذَٰلِكَ}

(عوان) صفت مشبہ، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، (بین ذلک) بترکیب اضافی مفعول فیہ، صفت مشبہ اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر صفت ثانی ہے (بقرة) کی.

{فَٱفۡعَلُواْ}

(فاء) فصیحہ، (افعلوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ) کی، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{مَا تُؤۡمَرُونَ}

(ما) اسم موصول، (تؤمرون) فعل مجہول، اس میں (واو) نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (افعلوا) کا.

{قَالُواْ}

(قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{ٱدۡعُ لَنَا رَبَّكَ}

(ادع) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لنا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (ربک) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{يُبَيِّن لَّنَا}

(یبین) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لنا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ

ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اِنْ تَدْعُ) کی، جس میں (ان) حرف شرط، (تدع) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر حال ہے (ربك) کا.

{مَا لَوْنُهَا}

(ما) اسم استفہام مبتدا، (لونها) بترکیب اضافی خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر مفعول بہ ہوا (یبین) کا.

{قَالَ}

(قال) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{إِنَّهُ يَقُولُ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (هاء) اس کا اسم، (یقول) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ها) اس کا اسم، (بقرة صفراء) بترکیب توصیفی خبر، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (یقول) کا.

{فَاقِعٌ لَّوْنُهَا}

(فاقع) اسم فاعل، (لونها) بترکیب اضافی اس کا فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ثانی ہے (بقرة) کی.

{تَسُرُّ ٱلنَّٰظِرِينَ}

(تسر) فعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، (الناظرین) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ثالث ہے (بقرۃ) کی.

{قَالُواْ ٱدۡعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ}

اس کی ترکیب آیت نمبر [٦٨] میں گزر چکی...

{إِنَّ ٱلۡبَقَرَ تَشَٰبَهَ عَلَيۡنَا}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (البقر) اس کا اسم، (تشابہ) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (علینا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا.

{وَإِنَّآ إِن شَآءَ ٱللَّهُ لَمُهۡتَدُونَ}

(واو) حرف عطف، (ان) حرف مشبہ بالفعل، (نا) اس کا اسم، (لام) حرف تاکید، (مهتدون) خبر، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ان البقر تشابہ علینا) پر.

{إِن شَآءَ ٱللَّهُ}

(ان) حرف شرط، (شاء) فعل، (اللہ) اسم جلالت اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء (اِهْتَدَيْنَا) محذوف ہے، (اهتدینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط مذکور اپنی جزائے محذوف سے ملکر جملہ شرطیہ معترضہ ہوا.

{قَالَ}

(قال) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{إِنَّهُ يَقُولُ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ھاء) اس کا اسم، (یقول) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (یقول) کا.

{إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُولٌ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ھا) اس کا اسم، (بقرۃ) موصوف، (لا) نافیہ، (ذلول) صیغہ مبالغہ، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ، صیغہ مبالغہ اپنے فاعل سے ملکر صفت ہوا (بقرۃ) کی، (بقرۃ) موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (یقول) کا.

{تُثِيرُ ٱلۡأَرۡضَ}

(تثیر) فعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، (الارض) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (ذلول) کے فاعل کا.

{وَلَا تَسۡقِي ٱلۡحَرۡثَ}

(واو) حرف عطف، (لا) زائد، (تسقی) فعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، (الحرث) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (تثیر) پر.

{مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا}

(مسلمة) صفت ثانی ہے (بقرة) کی، (لا) برائے نفی جنس، (شیة) اس کا اسم، (فیھا) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتة) مقدر کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (لا) کی، (لا) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صفت ثالث ہے (بقرة) کی.

{قَالُواْ}

(قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{ٱلۡـَٰٔنَ جِئۡتَ}

(الآن) مفعول فیہ مقدم، (جئت) فعل، اس میں (تاء) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{بِٱلۡحَقِّ}

(بالحق) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (جئت) کے فاعل کا.

{فَذَبَحُوهَا}

(فاء) حرف عطف، (ذبحوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (ھا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فَوَجَدُوْهَا) مقدر پر، جس میں (فاء) حرف عطف، (وجدوا) فعل،

(واؤ) فاعل، (ها) مفعول بہ، (وجدوا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قالوا ٱلْـَٔن...) پر.

{وَمَا كَادُواْ يَفۡعَلُونَ}

(واو) حالیہ، (ما) نافیہ، (کادوا) فعل مقاربہ، (واو) اس کا اسم، (یفعلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کادوا) کی، (کادوا) فعل مقاربہ اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (ذبحوا) کے فاعل کا.

{وَإِذۡ قَتَلۡتُمۡ نَفۡسًا}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (قتلتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، (نفسا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیۃ/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{فَٱدَّٰرَٰٔتُمۡ فِيهَا}

(فاء) حرف عطف، (ادارأتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، (فیھا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قلتم نفسا) پر.

{وَٱللَّهُ مُخۡرِجٌ}

(واو) اعتراضیہ، (اللہ) اسم جلالت مبتدا، (مخرج) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا.

{مَّا كُنتُمۡ تَكۡتُمُونَ}

(ما) اسم موصول، (کنتم) فعل ناقص، (تم) اس کا اسم، (تکتمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کنتم) کی، (کنتم) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (مخرج) کا.

{فَقُلۡنَا}

(فاء) حرف عطف، (قلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ادارأتم فیها) پر.

{ٱضۡرِبُوهُ بِبَعۡضِهَا}

(اضربوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (هاء) مفعول بہ، (باء) حرف جار، (بعضها) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قلنا) کا.

{كَذَٰلِكَ يُحۡيِ ٱللَّهُ ٱلۡمَوۡتَىٰ}

(کاف) حرف جار، (ذلک) مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) اسم فاعل کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیده فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (اِحْيَاءً) موصوف مقدر کی، (احیاء) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول مطلق مقدم ہوا (یحیی) کا، (یحیی) فعل، (الله) اسم جلالت اس کا فاعل، (الموتی) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول مطلق مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا.

{وَيُرِيكُمۡ ءَايَٰتِهِۦ}

(واو) حرف عطف، (یری) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (کم) مفعول بہ اول، (آیاتہ) بترکیب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (یحیی اللہ) پر.

{لَعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُونَ}

(لعل) حرف مشبہ بالفعل، (کم) اس کا اسم، (تعقلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (لعل) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر حال ہے (یریکم) کی (کم) ضمیر کا.

{ثُمَّ قَسَتۡ قُلُوبُكُم مِّنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَ}

(ثم) حرف عطف، (قست) فعل، (قلوبکم) بترکیب اضافی اس کا فاعل، (من) حرف جار، (بعد ذلک) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قلنا: آیۃ/۷۳) پر.

{فَهِيَ كَٱلۡحِجَارَةِ أَوۡ أَشَدُّ قَسۡوَةٗ}

(فاء) حرف عطف، (ھی) مبتدا، (کالحجارۃ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتۃ) اسم فاعل کا، (ثابتۃ) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف علیہ، (او) حرف عطف، (اشد) اسم تفضیل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، (قسوۃ) تمییز نسبت، اسم تفضیل اپنے فاعل اور تمییز نسبت سے ملکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر ہوا (ھی) کی، (ھی) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قست قلوبکم) پر.

{وَإِنَّ مِنَ ٱلۡحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنۡهُ ٱلۡأَنۡهَٰرُ}

(واو) استینافیہ، (من الحجارۃ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (لام) حرف تاکید، (ما) اسم موصول، (یتفجر) فعل، (منہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (الانہار) فاعل، (یتفجر) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر اسم مؤخر ہوا (ان) کا، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَإِنَّ مِنۡهَا لَمَا يَشَّقَّقُ}

(واو) حرف عطف، (ان) حرف مشبہ بالفعل، (منھا) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (لام) حرف تاکید، (ما) اسم موصول، (یشقق) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر اسم مؤخر ہوا (ان) کا، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ان من الحجارۃ لما یتفجر...) پر.

{فَيَخۡرُجُ مِنۡهُ ٱلۡمَآءُ}

(فاء) حرف عطف، (یخرج) فعل، (منہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (الماء) فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (یشقق) پر.

{وَإِنَّ مِنۡهَا لَمَا يَهۡبِطُ مِنۡ خَشۡيَةِ ٱللَّهِ}

(واو) حرف عطف، (ان) حرف مشبہ بالفعل، (منھا) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (لام) حرف تاکید، (ما) اسم موصول، (یھبط) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (من) حرف جار، (خشیۃ اللہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر اسم مؤخر ہوا (ان) کا، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ان من الحجارۃ لما یتفجر...) پر۔

{وَمَا ٱللَّهُ بِغَٰفِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُونَ}

(واو) استینافیہ، (ما) مشابہ بلیس، (اللہ) اسم جلالت اس کا اسم، (باء) حرف جار زائد، (غافل) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (عن) حرف جار، (ما) اسم موصول، (تعملون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (غافل) کا، (غافل) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (ما) کی، (ما) مشابہ بلیس اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

{أَفَتَطۡمَعُونَ}

(ہمزہ) حرف استفہام، اس کے بعد (تعلمون أخبارھم) مقدر ہے، جس میں (تعلمون) فعل، (واو) فاعل، (اخبارھم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

(فتطمعون) میں (فاء) حرف عطف، (تطمعون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے درج بالا (تعلمون اخبارھم) مقدر پر.

{أَن يُؤۡمِنُواْ لَكُمۡ}

(ان) ناصبہ موصول حرفی، (یؤمنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (لکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور ہوا (من) حرف جار مقدر کا، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (تطمعون) کا.

{وَقَدۡ كَانَ فَرِيقٌ مِّنۡهُمۡ يَسۡمَعُونَ كَلَٰمَ ٱللَّهِ}

(واو) حالیہ، (قد) حرف تحقیق، (کان) فعل ناقص، (فریق) موصوف، (منھم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (فریق) کی، (فریق) موصوف اپنی صفت سے ملکر اسم ہوا (کان) کا، (یسمعون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (کلام اللہ) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کان) کی، (کان) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (یؤمنوا) کے فاعل کا.

{ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُۥ}

(ثم) حرف عطف، (یحرفون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (ھاء) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (یسمعون) پر.

{مِنۢ بَعۡدِ مَا عَقَلُوهُ}

(من) حرف جار، (بعد) مضاف، (ما) مصدریہ موصول حرفی، (عقلوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (ھاء) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مضاف الیہ ہوا (بعد) کا، (بعد) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (یحرفون) کا.

{وَهُمۡ يَعۡلَمُونَ}

(واو) حالیہ، (ھم) مبتدا، (یعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (ھم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (یحرفون) کے فاعل کا.

{وَإِذَا لَقُواْ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ قَالُوٓاْ}

(واو) استینافیہ، (اذا) ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم ہوا (لقوا) کا، (لقوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الذین) اسم موصول، (آمنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہوا (لقوا) کا، (لقوا) فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{ءَامَنَّا}

(آمنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{وَإِذَا خَلَا بَعۡضُهُمۡ إِلَىٰ بَعۡضٖ قَالُوٓاْ}

(واو) حرف عطف، (اذا) ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم ہوا (خلا) کا، (خلا) فعل، (بعضهم) بترکیب اضافی فاعل، (الی بعض) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل مفعول فیہ مقدم اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر معطوف ہے (اذا لقوا...قالوا) پر.

{أَتُحَدِّثُونَهُم}

(ہمزہ) حرف استفہام، (تحدثون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (هم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{بِمَا فَتَحَ ٱللَّهُ عَلَيۡكُمۡ}

(باء) حرف جار، (ما) اسم موصول، (فتح) فعل، (الله) اسم جلالت اس کا فاعل، (علیکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (تحدثون) کا.

{لِيُحَآجُّوكُم بِهِۦ عِندَ رَبِّكُمۡ}

(لام) حرف جار، اس کے بعد (ان) ناصبہ موصول حرفی مقدر، (یحاجوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (کم) مفعول بہ، (بہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (عند ربکم) بترکیب اضافی مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ، ظرف لغو اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی مقدر کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (تحدثون) کا.

{أَفَلَا تَعۡقِلُونَ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (فاء) حرف عطف، (لا) نافیہ، (تعقلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اتحدثونهم) پر.

{أَوَلَا يَعۡلَمُونَ}

(ہمزہ) حرف استفہام، اور اس کے بعد (يَلُوْمُوْنَهُمْ) مقدر ہے، جس میں (یلومون) فعل، (واو) فاعل، (ہم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (یعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے درج بالا (یلومونهم) مقدر پر.

{أَنَّ ٱللَّهَ يَعۡلَمُ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی، (اللہ) اسم جلالت اس کا اسم، (یعلم) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کے اسم کی، (ان) موصول حرفی کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ،

موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مفعول بہ ہے (لا یعلمون) کا.

{مَا يُسِرُّونَ}

(ما) اسم موصول، (یسرون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (یعلم) کا.

{وَمَا يُعۡلِنُونَ}

(واو) حرف عطف، (ما) اسم موصول، (یعلنون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف ہے (ما یسرون) میں موجود (ما) پر.

{وَمِنۡهُمۡ أُمِّيُّونَ}

(واو) حرف عطف، (منهم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتون) مقدر کا، (ثابتون) اسم فاعل، اس میں (هم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (امیون) مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قد كان فريق منهم يسمعون: آية/٧٥) پر.

{لَا يَعۡلَمُونَ ٱلۡكِتَٰبَ إِلَّآ أَمَانِيَّ}

(لا) نافیہ، (یعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الكتاب) مستثنیٰ منہ، (الا) حرف استثناء، (امانی) مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ہے (امیون) کی.

{وَإِنۡ هُمۡ إِلَّا يَظُنُّونَ}

(واو) حاليہ، (ان) نافيہ، (هم) مبتدا، (الا) حرف حصر، (يظنون) فعل، اس ميں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعليہ خبريہ ہوکر خبر، (هم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسميہ خبريہ ہوکر حال ہے (لا يعلمون) کے فاعل کا.

{فَوَيۡلٞ لِّلَّذِينَ يَكۡتُبُونَ ٱلۡكِتَٰبَ بِأَيۡدِيهِمۡ}

(فاء) استينافيہ، (ويل) مبتدا، (لام) حرف جار، (الذين) اسم موصول، (يكتبون) فعل، اس ميں (واو) فاعل، (الكتاب) مفعول بہ، (باء) حرف جار، (ايديهم) بترکيب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعليہ خبريہ ہوکر صلہ، (الذين) اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس ميں (هو) ضمير پوشيده فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسميہ ہوکر خبر، (ويل) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسميہ انشائيہ مستانفہ ہوا.

{ثُمَّ يَقُولُونَ}

(ثم) حرف عطف، (يقولون) فعل، اس ميں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعليہ خبريہ ہوکر معطوف ہے (يكتبون الكتاب) پر.

{هَٰذَا مِنۡ عِندِ ٱللَّهِ}

(هذا) مبتدا، (من) حرف جار، (عند الله) بترکيب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس ميں (هو) ضمير پوشيده فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف

مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (یقولون) کا.

{لِيَشۡتَرُواْ بِهِۦ ثَمَنٗا قَلِيلٗاۖ}

(لام) حرف جار، اس کے بعد (ان) ناصبہ موصول حرفی مقدر، (یشتروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (بہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (ثمنا قلیلا) بترکیب توصیفی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی مقدر کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (یقولون) کا.

{فَوَيۡلٞ لَّهُمۡ}

(فاء) حرف عطف، (ویل) مبتدا، (لهم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (فویل للذین یکتبون الکتاب) پر.

{مِّمَّا كَتَبَتۡ أَيۡدِيهِمۡ}

(من) حرف جار، (ما) اسم موصول، (کتبت) فعل، (ایدیهم) بترکیب اضافی فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے اس (ثابت) کا جس سے (لهم) متعلق ہے.

{وَوَيۡلٞ لَّهُم مِّمَّا يَكۡسِبُونَ}

(واو) حرف عطف، (ویل) مبتدا، (لهم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر

پوشیدہ فاعل، (من) حرف جار، (ما) اسم موصول، (یکسبون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا اسی (ثابت) کا، (ثابت) اسم فاعل اپنے فاعل، ظرف مستقر اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (ویل) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (ویل لهم مما كتبت ايديهم) پر.

{وَقَالُواْ}

(واو) استینافیہ، (قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{لَن تَمَسَّنَا ٱلنَّارُ إِلَّآ أَيَّامًا مَّعۡدُودَةً}

(لن) نافیہ، (تمس) فعل، (نا) مفعول بہ، (النار) فاعل، (الا) حرف حصر، (ایاما معدودة) بترکیب توصیفی مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{قُلۡ}

(قل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{أَتَّخَذۡتُمۡ عِندَ ٱللَّهِ عَهۡدًا}

(ہمزہ) حرف استفہام، (اتخذتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، (عند الله) بترکیب اضافی مفعول فیہ، (عهدا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، مفعول فیہ اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قل) کا.

{فَلَن يُخۡلِفَ ٱللَّهُ عَهۡدَهُۥٓ}

(فاء) فصیحہ، (لن) نافیہ، (یخلف) فعل، (اللہ) اسم جلالت فاعل، (عہدہ) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اِنْ کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ) کی، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ معترضہ ہوا.

{أَمۡ تَقُولُونَ عَلَى ٱللَّهِ}

(ام) حرف عطف، (تقولون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (علی اللہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اتخذتم عند اللہ عهدا) پر.

{مَا لَا تَعۡلَمُونَ}

(ما) اسم موصول، (لا) نافیہ، (تعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (تقولون) کا.

{بَلَىٰ مَن كَسَبَ سَيِّئَةٗ وَأَحَٰطَتۡ بِهِۦ خَطِيٓـَٔتُهُۥ فَأُوْلَٰٓئِكَ أَصۡحَٰبُ ٱلنَّارِۖ}

(بلی) حرف ایجاب، (من) اسم شرط مبتدا، (کسب) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (سیئة) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (احاطت) فعل، (بہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (خطیئتہ) بترکیب اضافی فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر شرط، (فاء) جزائیہ، (اولئک) مبتدا، (اصحاب النار) بترکیب اضافی خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر خبر ہوا (من) کی، (من) اسم شرط مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{هُمۡ فِيهَا خَٰلِدُونَ}

(هم) مبتدا، (فیها) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (خالدون) کا، (خالدون) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (اصحاب النار) کا.

{وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ أُوْلَٰٓئِكَ أَصۡحَٰبُ ٱلۡجَنَّةِۖ}

(واو) حرف عطف، (الذین) اسم موصول، (آمنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (عملوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الصالحات) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر مبتدائے اول، (اولئک) مبتدائے ثانی، (اصحاب الجنۃ) بترکیب اضافی خبر ہوا (اولئک) کی، (اولئک) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (الذین) کی، (الذین) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (من کسب سیئۃ...فاولئك اصحاب النار) پر.

{هُمۡ فِيهَا خَٰلِدُونَ}

(هم) مبتدا، (فیها) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (خالدون) کا، (خالدون) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (اصحاب الجنۃ) کا.

{وَإِذۡ أَخَذۡنَا مِيثَٰقَ بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (اخذنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (میثاق بنی اسرائیل) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیۃ/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{لَا تَعۡبُدُونَ إِلَّا ٱللَّهَ}

(لا) نافیہ، (تعبدون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الا) حرف حصر، (اللہ) اسم جلالت مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا.

{وَبِٱلۡوَٰلِدَيۡنِ إِحۡسَانٗا وَذِي ٱلۡقُرۡبَىٰ وَٱلۡيَتَٰمَىٰ وَٱلۡمَسَٰكِينِ}

(واو) حرف عطف، (باء) حرف جار، (الوالدین) معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (ذی القربی) بترکیب اضافی معطوف اول، (واو) حرف عطف، (الیتامی) معطوف ثانی، (واو) حرف عطف، (المساکین) معطوف ثالث، (الوالدین) معطوف علیہ اپنے تینوں معطوفات سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (أَحْسِنُوْا) فعل مقدر کا، (احسنوا) فعل امر، اس میں (واو) فاعل، (احسانا) مفعول مطلق، (احسنوا) فعل اپنے فاعل، ظرف مستقر اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (لا تعبدون الا اللہ) پر.

{وَقُولُواْ لِلنَّاسِ حُسۡنٗا}

(واو) حرف عطف، (قولوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (للناس) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (حسنا) صفت ہے (قولا) موصوف مقدر کی، (قولا) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول مطلق، (قولوا) فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (لا تعبدون الا اللہ) پر.

{وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ}

(واو) حرف عطف، (اقیموا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الصلاۃ) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (لا تعبدون الا اللہ) پر.

{وَءَاتُواْ ٱلزَّكَوٰةَ}

(واو) حرف عطف، (آتوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الزکاۃ) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (لا تعبدون الا اللہ) پر.

{ثُمَّ تَوَلَّيۡتُمۡ}

(ثم) حرف عطف، (تولیتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فقبلتم) مقدر پر، جس میں (فاء) حرف عطف، (قبلتم) فعل، (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اخذنا میثاق بنی اسرائیل) پر.

{إِلَّا قَلِيلٗا مِّنكُمۡ}

(الا) حرف استثناء، (قلیلا) موصوف، (منکم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر مستثنیٰ ہے (تولیتم) کے فاعل سے.

{وَأَنتُم مُّعۡرِضُونَ}

(واو) حالیہ، (انتم) مبتدا، (معرضون) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (تولیتم) کے فاعل کا.

{وَإِذۡ أَخَذۡنَا مِيثَٰقَكُمۡ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (اخذنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (میثاق بنی اسرائیل) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیۃ/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{لَا تَسۡفِكُونَ دِمَآءَكُمۡ}

(لا) نافیہ، (تسفکون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (دماءکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا.

{وَلَا تُخۡرِجُونَ أَنفُسَكُم مِّن دِيَٰرِكُمۡ}

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (تخرجون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (انفسکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، (من) حرف جار، (دیارکم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا تسفکون دماءکم) پر.

{ثُمَّ أَقۡرَرۡتُمۡ}

(ثم) حرف عطف، (اقررتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فقبلتم) مقدر پر، جس میں (فاء) حرف عطف، (قبلتم) فعل، (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اخذنا میثاقکم) پر.

{وَأَنتُمۡ تَشۡهَدُونَ}

(واو) حالیہ، (انتم) مبتدا، (تشہدون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (اقررتم) کے فاعل کا.

{ثُمَّ أَنتُمۡ هَٰٓؤُلَآءِ}

(ثم) حرف عطف، (انتم) مبتدا، (ھؤلاء) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اقررتم) پر.

{تَقۡتُلُونَ أَنفُسَكُمۡ}

(تقتلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (انفسکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (ھؤلاء) کا.

{وَتُخۡرِجُونَ فَرِيقٗا مِّنكُم مِّن دِيَٰرِهِمۡ}

(واو) حرف عطف، (تخرجون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (فریقا) موصوف، (منکم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت، (فریقا) موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ، (من) حرف جار، (دیارھم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (تقتلون انفسکم) پر.

{تَظَٰهَرُونَ عَلَيۡهِم}

(تظاھرون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (علیھم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (تخرجون) کے فاعل کا.

{بِٱلۡإِثۡمِ وَٱلۡعُدۡوَٰنِ}

(باء) حرف جار، (الاثم والعدوان) بترکیب عطفی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتین) مقدر کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (انتم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (تظاهرون) کے فاعل کا.

{وَإِن يَأۡتُوكُمۡ أُسَٰرَىٰ تُفَٰدُوهُمۡ}

(واو) استینافیہ، (ان) حرف شرط، (یأتوا) فعل، اس میں (واو) ذوالحال، (اساری) حال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل، (کم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (تفادوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (هم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيۡكُمۡ إِخۡرَاجُهُمۡ}

(واو) حالیہ، (هو) مبتدا، (محرم) اسم مفعول، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، (علیکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (محرم) اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (اخراجهم) بترکیب اضافی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (هو) کی، (هو) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ثانی ہے (تخرجون) کے فاعل کا.

{أَفَتُؤۡمِنُونَ بِبَعۡضِ ٱلۡكِتَٰبِ}

(ہمزہ) حرف استفہام، اس کے بعد (تَفْعَلُوْنَ ذٰلِكَ) مقدر پر، جس میں (تفعلون) فعل، (واو) فاعل، (ذلک) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

(فاء) حرف عطف، (تؤمنون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (باء) حرف جار، (بعض الکتاب) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (تفعلون ذلک) مقدر پر.

{وَتَكۡفُرُونَ بِبَعۡضٖۚ}

(واو) حرف عطف، (تکفرون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (ببعض) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (تؤمنون ببعض الکتاب) پر.

{فَمَا جَزَآءُ مَن يَفۡعَلُ ذَٰلِكَ مِنكُمۡ إِلَّا خِزۡيٌ}

(فاء) استینافیہ، (ما) نافیہ، (جزاء) مضاف، (من) اسم موصول، (یفعل) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ ذوالحال، (ذلک) مفعول بہ، (منکم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) اسم فاعل کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہوا (ھو) کا، (ھو) ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل ہوا (یفعل) کا، (یفعل) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (من) کا، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا (جزاء) کا، (جزاء) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا، (الا) حرف حصر، (خزی) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا}

(فی) حرف جار، (الحیاۃ الدنیا) بترکیب توصیفی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہے (خزی) کی.

{وَيَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ يُرَدُّونَ إِلَىٰٓ أَشَدِّ ٱلْعَذَابِ}

(واو) استینافیہ، (یوم القیامۃ) بترکیب اضافی مفعول فیہ مقدم، (یردون) فعل مجہول، اس میں (واو) نائب فاعل، (الی) حرف جار، (اشد العذاب) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (یردون) فعل مجہول اپنے نائب فاعل، مفعول فیہ مقدم اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَمَا ٱللَّهُ بِغَٰفِلٍ}

(واو) استینافیہ، (ما) مشابہ بلیس، (اللہ) اسم جلالت اس کا اسم، (باء) حرف جار زائد، (غافل) خبر، (ما) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{عَمَّا تَعْمَلُونَ}

(عن) حرف جار، (ما) اسم موصول، (تعملون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (غافل) کا.

{أُو۟لَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ ٱشْتَرَوُا۟ ٱلْحَيَوٰةَ ٱلدُّنْيَا بِٱلْءَاخِرَةِ}

(اولئک) مبتدا، (الذین) اسم موصول، (اشتروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الحیاۃ الدنیا) بترکیب توصیفی مفعول بہ، (بالآخر) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (اشتروا) فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف

لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر خبر ہوا (اولئک) کی، (اولئک) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{فَلَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمُ ٱلۡعَذَابُ}

(فاء) حرف عطف، (لا) نافیہ، (یخفف) فعل مجہول، (عنهم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (العذاب) نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اشتروا الحیاة الدنیا) پر.

{وَلَا هُمۡ يُنصَرُونَ}

(واو) حرف عطف، (لا) زائد برائے تاکید، (هم) مبتدا، (ینصرون) فعل مجہول، اس میں (واو) نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (هم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فلا یخفف عنهم العذاب) پر.

{وَلَقَدۡ ءَاتَيۡنَا مُوسَى ٱلۡكِتَٰبَ}

(واو) استینافیہ، (لام) برائے جواب قسم، (قد) حرف تحقیق، (آتینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (موسی) مفعول بہ اول، (الکتاب) مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم محذوف (وَاللهِ) کا، جس میں (واو) حرف جار برائے قسم، (الله) اسم جلالت مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیده فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{وَقَفَّيۡنَا مِنۢ بَعۡدِهِۦ بِٱلرُّسُلِ}

(واو) حرف عطف، (قفینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (من) حرف جار، (بعدہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو اول، (بالرسل) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (آتینا موسی) پر.

{وَءَاتَيۡنَا عِيسَى ٱبۡنَ مَرۡيَمَ ٱلۡبَيِّنَٰتِ}

(واو) حرف، (آتینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (عیسی) موصوف، (ابن مریم) بترکیب اضافی صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ اول، (البینات) مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (آتینا موسی) پر.

{وَأَيَّدۡنَٰهُ بِرُوحِ ٱلۡقُدُسِ}

(واو) حرف عطف، (ایدنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (ہاء) مفعول بہ، (باء) حرف جار، (روح القدس) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (آتینا عیسی بن مریم البینات) پر.

{أَفَكُلَّمَا جَآءَكُمۡ رَسُولُۢ بِمَا لَا تَهۡوَىٰٓ أَنفُسُكُمُ ٱسۡتَكۡبَرۡتُمۡ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (فاء) حرف عطف، (کل) مضاف، (ما) مصدریہ موصول حرفی، (جاء) فعل، (کم) مفعول بہ، (رسول) فاعل، (باء) حرف جار، (ما) اسم موصول، (لا) نافیہ، (تہوی) فعل، (انفسکم) بترکیب اضافی فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (جاء) کا، (جاء) فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) مصدریہ

موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مضاف الیہ ہوا (وقت) مضاف مقدر کا، (وقت) مضاف مقدر اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا (کل) کا، (کل) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ مقدم ہوا (استکبرتم) کا، (استکبرتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (ایدناہ بروح القدس) پر.

{فَفَرِيقًا كَذَّبْتُمْ}

(فاء) حرف عطف، (فریقا) مفعول بہ مقدم، (کذبتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (استکبرتم) پر.

{وَفَرِيقًا تَقْتُلُونَ}

(واو) حرف عطف، (فریقا) مفعول بہ مقدم، (تقتلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (کذبتم) پر.

{وَقَالُواْ}

(واو) استینافیہ، (قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{قُلُوبُنَا غُلْفُۢ}

(قلوبنا) بترکیب اضافی مبتدا، (غلف) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{بَل لَّعَنَهُمُ ٱللَّهُ بِكُفْرِهِمْ}

(بل) حرف اضراب، (لعن) فعل، (هم) مفعول بہ، (اللہ) اسم جلالت فاعل، (باء) حرف جار، (کفرهم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{فَقَلِيلٗا مَّا يُؤۡمِنُونَ}

(فاء) استینافیہ، (قلیلا) صفت ہے (ایمانا) موصوف مقدر کی، (ایمانا) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول مطلق مقدم، (ما) زائد، (یؤمنون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَمَّا جَآءَهُمۡ كِتَٰبٞ}

(واو) استینافیہ، (لما) ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم ہوا (جاء) کا، (جاء) فعل، (هم) مفعول بہ، (کتاب) فاعل، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء (کذّبوا به) محذوف ہے، شرط مذکور اپنی جزائے محذوف سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{مِّنۡ عِندِ ٱللَّهِ}

(من) حرف جار، (عند اللہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہے (کتاب) کی.

{مُصَدِّقٞ لِّمَا مَعَهُمۡ}

(مصدق) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لام) حرف جار، (ما) اسم موصول، (معهم) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا (ثَبَتَ) مقدر کا،

(ثبت) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (مصدق) کا، (مصدق) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ثانی ہے (کتاب) کی.

{وَكَانُواْ مِن قَبۡلُ يَسۡتَفۡتِحُونَ}

(واو) حالیہ، (کانوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (من قبل) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (یستفتحون) کا، (یستفتحون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کانوا) کی، (کانوا) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (جاءھم) کی (ھم) ضمیر کا.

{عَلَى ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ}

(علی) حرف جار، (الذین) اسم موصول، (کفروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (یستفتحون) کا.

{فَلَمَّا جَآءَهُم مَّا عَرَفُواْ كَفَرُواْ بِهِۦ}

(فاء) حرف عطف، (لما) ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم ہوا (جاء) کا، (جاء) فعل، (ھم) مفعول بہ، (ما) اسم موصول، (عرفوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر فاعل ہوا (جاء) کا، (جاء) فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (کفروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (بہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو

سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر معطوف ہے (لما جاءهم كتاب من عند الله...) پر.

{فَلَعۡنَةُ ٱللَّهِ عَلَى ٱلۡكَٰفِرِينَ}

(فاء) تعلیلیہ، (لعنة الله) بترکیب اضافی مبتدا، (على الكافرين) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتة) اسم فاعل کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (هی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ معللہ ہوا.

{بِئۡسَمَا ٱشۡتَرَوۡاْ بِهِۦٓ أَنفُسَهُمۡ أَن يَكۡفُرُواْ}

(بئس) فعل ذم، (ما) اسم موصول، (اشتروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (به) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (انفسهم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر فاعل ہوا (بئس) کا، (بئس) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم، (ان) ناصبہ موصول حرفی، (يكفروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مخصوص بالذم مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ}

(باء) حرف جار، (ما) اسم موصول، (انزل) فعل، (الله) اسم جلالت فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (يكفروا) کا.

{بَغۡيًا أَن يُنَزِّلَ ٱللَّهُ مِن فَضۡلِهِۦ}

(بغیا) مصدر، (ان) ناصبہ موصول حرفی، (ینزل) فعل، (اللہ) اسم جلالت فاعل، (من) حرف جار، (فضلہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور ہوا (علی) حرف جار مقدر کا، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (بغیا) کا، (بغیا) اپنے ظرف لغو سے ملکر مفعول لہ ہے (یکفروا) کا.

{عَلَىٰ مَن يَشَآءُ}

(علی) حرف جار، (من) اسم موصول، (یشاء) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (ینزل) کا.

{مِنۡ عِبَادِهِۦ}

(من) حرف جار، (عبادہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (مَنْ) اسم موصول کا.

{فَبَآءُو}

(فاء) حرف عطف، (باءوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (یکفروا) پر.

{بِغَضَبٍ}

(بغضب) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتین) مقدر کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (باءوا) کے فاعل کا.

{عَلَىٰ غَضَبٍ}

(علی غضب) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتٍ) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہے (غضب) کی.

{وَلِلْكَٰفِرِينَ عَذَابٌ مُّهِينٌ}

(واو) استینافیہ، (للکافرین) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (عذاب مھین) بترکیب توصیفی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ ءَامِنُواْ بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ قَالُواْ}

(واو) استینافیہ، (اذا) ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم ہوا (قیل) کا، (قیل) فعل مجہول، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، (لھم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (آمنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (باء) حرف جار، (ما) اسم موصول، (انزل) فعل، (اللہ) اسم جلالت فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (آمنوا) کا، (آمنوا) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہوا (قیل) کا، (قیل) فعل مجہول

اپنے نائب فاعل، ظرف لغو، مفعول فیہ مقدم اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{نُؤۡمِنُ}

(نؤمن) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{بِمَآ أُنزِلَ عَلَيۡنَا}

(باء) حرف جار، (ما) اسم موصول، (انزل) فعل مجہول، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، (علینا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (نؤمن) کا.

{وَيَكۡفُرُونَ}

(واو) استینافیہ، (یکفرون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{بِمَا وَرَآءَهُۥ}

(باء) حرف جار، (ما) اسم موصول، (وراءه) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا (ثَبَتَ) مقدر کا، (ثبت) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (یکفرون) کا.

{وَهُوَ ٱلۡحَقُّ مُصَدِّقٗا}

(واو) حالیہ، (ھو) مبتدا، (الحق) مصدر بمعنی اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ ذوالحال، (مصدقا) حال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل ہوا (الحق) کا، (الحق) مصدر اپنے فاعل سے ملکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (بما وراءہ) میں موجود (ما) اسم موصول کا۔

{لِّمَا مَعَهُمْ}

(لام) حرف جار، (ما) اسم موصول، (معهم) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا (ثَبَتَ) مقدر کا، (ثبت) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (مصدقا) کا۔

{قُلْ}

(قل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

{فَلِمَ تَقْتُلُونَ أَنۢبِيَآءَ ٱللَّهِ مِن قَبْلُ}

(فاء) فصیحہ، (لام) حرف جار، (ما) اسم استفہام مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو اول ہوا (تقتلون) کا، (تقتلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (انبیاء اللہ) بترکیب اضافی مفعول بہ، (من قبل) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ثانی، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور دونوں ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ) کی، شرط محذوف اپنی جزائے سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر مقولہ ہے (قل) کا۔

{إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ}

(ان) حرف شرط، (کنتم) فعل ناقص، (تم) اس کا اسم، (مؤمنین) خبر، فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء (فلم تقتلونھم) محذوف ہے، شرط مذکور اپنی جزائے محذوف سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر حال ہے (تقتلون) کے فاعل کا.

{وَلَقَدۡ جَآءَكُم مُّوسَىٰ بِٱلۡبَيِّنَٰتِ}

(واو) استینافیہ، (لام) برائے جواب قسم، (قد) حرف تحقیق، (جاء) فعل، (کم) مفعول بہ، (موسی) فاعل، (بالبینات) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم محذوف (وَاللهِ) کا، جس میں (واو) حرف جار برائے قسم، (الله) اسم جلالت مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{ثُمَّ ٱتَّخَذۡتُمُ ٱلۡعِجۡلَ مِنۢ بَعۡدِهِۦ}

(ثم) حرف عطف، (اتخذتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، (العجل) مفعول بہ، (من) حرف جار، (بعدہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (جاءکم موسی...) پر.

{وَأَنتُمۡ ظَٰلِمُونَ}

(واو) حالیہ، (انتم) مبتدا، (ظالمون) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (اتخذتم) کے فاعل کا.

{وَإِذۡ أَخَذۡنَا مِيثَٰقَكُمۡ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (اخذنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (میثاقکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ

سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہے (اذکروا نعمتی التی: آیة/٤٧) میں موجود (نعمتی) پر.

{وَرَفَعۡنَا فَوۡقَكُمُ ٱلطُّورَ}

(واو) حرف عطف، (رفعنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (فوقکم) بترکیب اضافی مفعول فیہ، (الطور) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، مفعول فیہ اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اخذنا) پر.

{خُذُواْ}

(خذوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہوا (قلنا) مقدر کا، (قلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (رفعنا) کے فاعل کا.

{مَآ ءَاتَيۡنَٰكُم}

(ما) اسم موصول، (آتینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (کم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (خذوا) کا.

{بِقُوَّةٖ}

(بقوة) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتین) کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (انتم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (خذوا) کے فاعل کا.

{وَٱسۡمَعُواْ}

(واو) حرف عطف، (اسمعوا) فعل امر، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (خذوا) پر.

{قَالُواْ}

(قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{سَمِعۡنَا}

(سمعنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{وَعَصَيۡنَا}

(واو) حرف عطف، (عصینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (سمعنا) پر.

{وَأُشۡرِبُواْ فِي قُلُوبِهِمُ ٱلۡعِجۡلَ بِكُفۡرِهِمۡۚ}

(واو) حالیہ، (اشربوا) فعل مجہول، اس میں (واو) نائب فاعل، (فی) حرف جار، (قلوبھم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو اول، (العجل) مفعول بہ، (باء) حرف جار، (کفرھم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ثانی، (اشربوا) فعل مجہول اپنے نائب فاعل، مفعول بہ اور دونوں ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (قالوا) کے فاعل کا.

{قُلۡ}

(قل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{بِئۡسَمَا يَأۡمُرُكُم بِهِۦٓ إِيمَٰنُكُمۡ}

(بئس) فعل ذم، (ما) اسم موصول، (یأمر) فعل، (کم) مفعول بہ، (بہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (ایمانکم) بترکیب اضافی فاعل، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ فاعل ہوا (بئس) کا، (بئس) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم، اور اس کا مخصوص بالذم مبتدائے مؤخر (هذا الْامر) محذوف ہے، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قل) کا.

{إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ}

(ان) حرف شرط، (کنتم) فعل ناقص، (تم) اس کا اسم، (مؤمنین) خبر، (کنتم) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء (فبئس ما یامرکم به ایمانکم) محذوف ہے، شرط مذکور اپنی جزائے محذوف سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{قُلۡ}

(قل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{إِن كَانَتۡ لَكُمُ ٱلدَّارُ ٱلۡأٓخِرَةُ}

(ان) حرف شرط، (کانت) فعل ناقص، (لکم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتةً) مقدر کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (هی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم ہوا (کانت) کی، (الدار الآخرة) بترکیب توصیفی اسم مؤخر، (کانت) اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء (فَتَمَنَّوُاْ ٱلۡمَوۡتَ) ہے، جس میں (فاء) جزائیہ، (تمنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الموت) مفعول بہ، فعل

اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر مقولہ ہے (قل) کا.

{عِندَ ٱللَّهِ خَالِصَةٗ مِّن دُونِ ٱلنَّاسِ

(عند الله) بترکیب اضافی مفعول فیہ مقدم ہوا (خالصة) کا، (خالصة) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، (من) حرف جار، (دون الناس) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (خالصة) کا، (خالصة) اپنے فاعل، مفعول فیہ مقدم اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (الدار الآخرة) کا.

{إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ}

(ان) حرف شرط، (کنتم) فعل ناقص، (تم) اس کا اسم، (صادقین) خبر، (کنتم) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء (فَتَمَنَّوْهُ) محذوف ہے، شرط مذکور اپنی جزائے محذوف سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر حال ہے (فتمنوا) کے فاعل کا.

{وَلَن يَتَمَنَّوۡهُ أَبَدَۢا}

(واو) استینافیہ، (لن) نافیہ، (یتمنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (ھاء) مفعول بہ، (ابدا) مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{بِمَا قَدَّمَتۡ أَيۡدِيهِمۡ}

(باء) حرف جار، (ما) اسم موصول، (قدمت) فعل، (ایدیھم) بترکیب اضافی فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (یتمنوا) کا.

{وَٱللَّهُ عَلِيمُۢ بِٱلظَّٰلِمِينَ}

(واو) استینافیہ، (اللہ) اسم جلالت مبتدا، (علیم) صیغہ صفت، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (بالظالمین) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، صیغہ صفت اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر خبر، (اللہ) اسم جلالت مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَتَجِدَنَّهُمۡ}

(واو) حرف عطف، (لام) برائے جواب قسم، (تجدن) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ھم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم محذوف (وَاللهِ) کا، جس میں (واو) حرف جار برائے قسم، (اللہ) اسم جلالت مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{أَحۡرَصَ ٱلنَّاسِ عَلَىٰ حَيَوٰةٖ}

(احرص) اسم تفضیل مضاف، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، (علی حیاۃ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (احرص) اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر مضاف، (الناس) مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ ثانی ہے (لتجدن) کا.

{وَمِنَ ٱلَّذِينَ أَشۡرَكُواْ}

(واو) حرف عطف، (من) حرف جار، (الذین) اسم موصول، (اشرکوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (احرص) مقدر کا، (احرص) اسم تفضیل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم تفضیل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر معطوف ہے (احرص الناس) پر.

{يَوَدُّ أَحَدُهُمۡ}

(يود) فعل، (احدهم) بترکیب اضافی فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{لَوۡ يُعَمَّرُ أَلۡفَ سَنَةٖ}

(لو) مصدریہ موصول حرفی، (یعمر) فعل مجہول، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، (الف سنة) بترکیب اضافی مفعول فیہ، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (لو) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مفعول بہ ہے (یود) کا.

{وَمَا هُوَ بِمُزَحۡزِحِهِۦ مِنَ ٱلۡعَذَابِ أَن يُعَمَّرَ}

(واو) حالیہ، (ما) مشابہ بلیس، (ھو) اس کا اسم، (باء) حرف جار زائد، (مزحزح) اسم فاعل، (من العذاب) جار مجرور سے ملکر اس کا ظرف لغو، (ان) ناصبہ موصول حرفی، (یعمر) فعل مجہول، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد فاعل ہوا (مزحزح) کا، (مزحزح) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر مضاف، (ھاء) مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوا (ما) کی، (ما) مشابہ بلیس اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (احدھم) کا.

{وَٱللَّهُ بَصِيرُۢ}

(واو) استینافیہ، (اللہ) اسم جلالت مبتدا، (بصیر) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{بِمَا يَعۡمَلُونَ}

(باء) حرف جار، (ما) اسم موصول، (یعملون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (بصیر) کا.

{قُلۡ}

(قل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{مَن كَانَ عَدُوًّا لِّـجِبۡرِيلَ}

(من) اسم شرط مبتدا، (کان) فعل ناقص، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ اس کا اسم، (عدوا) موصوف، (لجبریل) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت، (عدوا) موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر ہوا (کان) کی، (کان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء (فلا وجه لعداوته) محذوف ہے، شرط مذکور اپنی جزائے محذوف سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر خبر ہوا (من) کی، (من) اسم شرط مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قل) کا.

{فَإِنَّهُۥ نَزَّلَهُۥ عَلَىٰ قَلۡبِكَ}

(فاء) تعلیلیہ، (ان) حرف مشبہ بالفعل، (ہاء) اس کا اسم، (نزل) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ہاء) مفعول بہ، (علی) حرف جار، (قلبک) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا.

{بِإِذۡنِ ٱللَّهِ}

(باء) حرف جار، (اذن الله) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (نزل) کے فاعل کا.

{مُصَدِّقٗا لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهِ وَهُدٗى وَبُشۡرَىٰ لِلۡمُؤۡمِنِينَ}

(مصدقا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لام) حرف جار، (ما) اسم موصول، (بین یدیه) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا (ثَبَتَ) مقدر کا، (ثبت) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (مصدقا) کا، (مصدقا) اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (ھدی) معطوف اول، (واو) حرف عطف، (بشریٰ) مصدر، (للمؤمنین) جار مجرور سے ملکر اس کا ظرف لغو، (بشریٰ) اپنے ظرف لغو سے ملکر معطوف ثانی، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفات سے ملکر حال ہے (نزله) کی (ھاء) ضمیر کا.

{مَن كَانَ عَدُوّٗا لِّلَّهِ وَمَلَٰٓئِكَتِهِۦ وَرُسُلِهِۦ وَجِبۡرِيلَ وَمِيكَىٰلَ فَإِنَّ ٱللَّهَ عَدُوّٞ لِّلۡكَٰفِرِينَ}

(من) اسم شرط مبتدا، (کان) فعل ناقص، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ اس کا اسم، (عدوا) موصوف، (لام) حرف جار، (الله) اسم جلالت معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (ملائکته) بترکیب اضافی معطوف اول، (واو) حرف عطف، (رسله) بترکیب اضافی معطوف ثانی، (واو) حرف عطف، (جبریل) معطوف ثالث، (واو) حرف عطف، (میکال) معطوف رابع، (الله) اسم جلالت معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر مجرور،

جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) اسم فاعل کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (عدوا) کی، (عدوا) موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر ہوا (کان) کی، (کان) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (فاء) جزائیہ، (ان) حرف مشبہ بالفعل، (اللہ) اسم جلالت اس کا اسم، (عدو) موصوف، (للکافرین) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (عدو) کی، (عدو) موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر خبر ہوا (من) کی، (من) اسم شرط مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَقَدْ أَنزَلْنَآ إِلَيْكَ ءَايَٰتٍۭ بَيِّنَٰتٍ}

(واو) استینافیہ، (لام) برائے جواب قسم، (قد) حرف تحقیق، (انزلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (الیک) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (آیات بینات) بترکیب توصیفی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم محذوف (وَاللہِ) کا، جس میں (واو) حرف جار برائے قسم، (اللہ) اسم جلالت مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ إِلَّا ٱلْفَٰسِقُونَ}

(واو) حرف عطف، (ما) نافیہ، (یکفر) فعل، (بھا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (الا) حرف حصر، (الفاسقون) فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لقد انزلنا الیك...) پر.

{أَوَكُلَّمَا عَٰهَدُواْ عَهۡدٗا نَّبَذَهُۥ فَرِيقٞ مِّنۡهُم}

(ہمزہ) حرف استفہام، اس کے بعد (کفروا بالایات الْبیّنات) مقدر ہے، جس میں (کفروا) فعل، (واو) فاعل، (باالآیات البینات) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

(واو) حرف عطف، (کل) مضاف، (ما) مصدریہ موصول حرفی، (عاھدوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (عھدا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) مصدریہ موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مضاف الیہ ہوا (وقت) مضاف مقدر کا، (وقت) مضاف مقدر اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا (کل) کا، (کل) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ مقدم ہوا (نبذ) کا، (نبذ) فعل، (ھاء) مفعول بہ، (فریق) موصوف، (منھم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (فریق) کی، (فریق) موصوف اپنی صفت سے ملکر فاعل ہوا (نبذ) کا، (نبذ) فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (کفروا باالآیات البینات) مقدر پر.

{بَلۡ أَكۡثَرُهُمۡ لَا يُؤۡمِنُونَ}

(بل) حرف اضراب، (اکثرھم) بترکیب اضافی مبتدا، (لا) نافیہ، (یؤمنون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر، (اکثرھم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَمَّا جَآءَهُمۡ رَسُولٌ}

(واو) حرف عطف، (لما) ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم ہوا (جاء) کا، (جاء) فعل، (ھم) مفعول بہ، (رسول) فاعل، فعل اپنے فاعل، مفعول فیہ مقدم اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء (نَبَذَ فَرِيقٌ) ہے، جس میں (نبذ) فعل، (فریق) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر معطوف ہے (نبذہ فریق منھم) پر.

{مِّنۡ عِندِ ٱللَّهِ}

(من) حرف جار، (عند اللہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہے (رسول) کی.

{مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمۡ}

(مصدق) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لام) حرف جار، (ما) اسم موصول، (معھم) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا (ثَبَتَ) مقدر کا، (ثبت) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (مصدق) کا، (مصدق) اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ثانی ہے (رسول) کی.

{مِّنَ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ}

(من) حرف جار، (الذين) اسم موصول، (اوتوا) فعل مجہول، اس میں (واو) نائب فاعل، (الکتاب) مفعول بہ، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہے (فریق) کی.

{كِتَٰبَ ٱللَّهِ وَرَآءَ ظُهُورِهِمۡ}

(کتاب اللہ) بترکیب اضافی مفعول بہ ہے (نبذ) کا، (وراء ظھورھم) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہے (نبذ) کا.

{كَأَنَّهُمۡ لَا يَعۡلَمُونَ}

(کأن) حرف مشبہ بالفعل، (ھم) اس کا اسم، (لا) نافیہ، (یعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر، (کأن) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (نبذ فریق من الذین) میں موجود (فریق) کا.

{وَٱتَّبَعُواْ}

(واو) حرف عطف، (اتبعوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لما جاءھم رسول من عند اللہ...نبذ فریق) پر.

{مَا تَتۡلُواْ ٱلشَّيَٰطِينُ عَلَىٰ مُلۡكِ سُلَيۡمَٰنَ}

(ما) اسم موصول، (تتلو) فعل، (الشیاطین) فاعل، (علی) حرف جار، (ملک سلیمان) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف

لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (اتبعوا) کا.

{وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَٰنُ}

(واو) استینافیہ، (ما) نافیہ، (کفر) فعل، (سلیمان) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَٰكِنَّ ٱلشَّيَٰطِينَ كَفَرُوا۟}

(واو) حرف عطف، (لکن) حرف مشبہ بالفعل، (الشیاطین) اس کا اسم، (کفروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (لکن) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (وما کفر سلیمان) پر.

{يُعَلِّمُونَ ٱلنَّاسَ ٱلسِّحْرَ}

(یعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الناس) مفعول بہ اول، (السحر) مفعول بہ ثانی، (یعلمون) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (کفروا) کے فاعل کا.

{وَمَآ أُنزِلَ عَلَى ٱلْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَٰرُوتَ وَمَٰرُوتَ}

(واو) حرف عطف، (ما) اسم موصول، (انزل) فعل مجہول، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، (علی) حرف جار، (الملکین) مبدل منہ، (ھاروت وماروت) بترکیب عطفی بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو اول، (ببابل) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ثانی، (انزل) فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور دونوں ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف ہے (السحر) پر.

{وَمَا يُعَلِّمَانِ مِنْ أَحَدٍ}

(واو) استینافیہ، (ما) نافیہ، (یعلمان) فعل، اس میں (الف) فاعل، (من) حرف جار زائد، (احد) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{حَتَّىٰ يَقُولَآ}

(حتی) حرف جار، اس کے بعد (ان) ناصبہ موصول حرف مقدر، (یقولا) فعل، اس میں (الف) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی مقدر کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (یعلمان) کا.

{إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل مکفوف عن العمل، (ما) کافہ، (نحن) مبتدا، (فتنة) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (یقولا) کا.

{فَلَا تَكْفُرْ}

(فاء) فصیحہ، (لا) ناھیہ، (تکفر) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ) کی، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر مقولہ ہے (یقولا) کا.

{فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا}

(فاء) استینافیہ، (یتعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (منهما) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (وما یعلمان من احد) پر.

{مَا يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيۡنَ ٱلۡمَرۡءِ وَزَوۡجِهِ}

(ما) اسم موصول، (يفرقون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (بہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (بین) مضاف، (المرء) معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (زوجہ) بترکیب اضافی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ ہوا (بین) کا، (بین) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوا (یفرقون) کا، (یفرقون) فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (یتعلمون) کا.

{وَمَا هُم بِضَآرِّينَ بِهِ مِنۡ أَحَدٍ}

(واو) حالیہ، (ما) مشابہ بلیس، (ھم) اس کا اسم، (باء) حرف جار زائد، (ضارین) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، (بہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (من) حرف جار زائد، (احد) مفعول بہ، (ضارین) اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (ما) کا، (ما) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (یفرقون) کے فاعل کا.

{إِلَّا بِإِذۡنِ ٱللَّهِ}

(الا) حرف حصر، (باء) حرف جار، (اذن الله) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (احد) کا.

{وَيَتَعَلَّمُونَ}

(واو) حرف عطف، (یتعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فیتعلمون منھما) پر.

{مَا يَضُرُّهُمۡ}

(ما) اسم موصول، (یضر) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ھم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (یتعلمون) کا.

{وَلَا يَنفَعُهُمۡ}

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (ینفع) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ھم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (یضرھم) پر.

{وَلَقَدۡ عَلِمُواْ}

(واو) استینافیہ، (لام) برائے جواب قسم، (قد) حرف تحقیق، (علموا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم محذوف (وَاللہِ) کا، جس میں (واو) حرف جار برائے قسم، (اللہ) اسم جلالت مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{لَمَنِ ٱشۡتَرَىٰهُ مَا لَهُۥ فِي ٱلۡأٓخِرَةِ مِنۡ خَلَٰقٖ}

(لام) حرف تاکید، (من) اسم موصول، (اشتری) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ھاء) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (من) کا، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مبتدا، (ما) نافیہ، (لہ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (فی الآخرۃ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا اسی

(ثابت) کا، (ثابت) اپنے فاعل، ظرف مستقر اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (من) حرف جار زائد، (خلاق) مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا ( مَنْ) کی، (من) اسم موصول مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مفعول بہ ہے (علموا) کا.

{وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْاْ بِهِ أَنفُسَهُمْ}

(واو) حرف عطف، (لام) برائے جواب قسم، (بئس) فعل ذم، (ما) اسم موصول، (شروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (بہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (انفسهم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر فاعل ہوا (بئس) کا، (بئس) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم، اور اس کا مخصوص بالذم مبتدائے مؤخر (السحر) محذوف ہے، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم محذوف (وَاللهِ) کا، جس میں (واو) حرف جار برائے قسم، (الله) اسم جلالت مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (ولقد علموا لمن اشترىٰه...) کی قسم مقدر پر.

{لَوْ كَانُواْ يَعْلَمُونَ}

(لو) حرف شرط، (کانوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (یعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کانوا) کی، (کانوا) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر

شرط، اور اس کی جزاء (لما فعلوا ذلك) محذوف ہے، شرط مذکور اپنی جزائے محذوف سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{وَلَوۡ أَنَّهُمۡ ءَامَنُواْ وَٱتَّقَوۡاْ لَمَثُوبَةٞ مِّنۡ عِندِ ٱللَّهِ خَيۡر}

(واو) استینافیہ، (لو) حرف شرط، (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی، (هم) اس کا اسم، (آمنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (اتقوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر ہوا (ان) کے اسم کی، (ان) موصول حرفی کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد فاعل ہوا (ثَبَتَ) مقدر کا، (ثبت) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (لام) جوابیہ، (مثوبة) موصوف، (من) حرف جار، (عند الله) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتة) مقدر کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (هی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (مثوبة) کی، (مثوبة) موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا، (خير) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{لَّوۡ كَانُواْ يَعۡلَمُونَ}

(لو) حرف شرط، (کانوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (یعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کانوا) کی، (کانوا) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء (لآمنوا) محذوف ہے، شرط مذکور اپنی جزائے محذوف سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ}

(یا) حرف ندا قائم مقام (ادعو) کے، (ادعو) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ای) موصوف، (ھا) برائے تنبیہ، (الذین) اسم موصول، (آمنوا) فعل، اس میں (واؤ) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذین) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت ہوا (ای) کی، (ای) موصوف اپنی صفت سے ملکر منادی مفعول بہ، (ادعو) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{لَا تَقُولُواْ}

(لا) ناھیہ، (تقولوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا ہوا.

{رَٰعِنَا}

(راع) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (نا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (لا تقولوا) کا.

{وَقُولُواْ}

(واو) حرف عطف، (قولوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (لا تقولوا...) پر.

{ٱنظُرۡنَا}

(انظر) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (نا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قولوا) کا.

{وَٱسۡمَعُواْ}

(واو) حرف عطف، (اسمعوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (لا تقولوا) پر.

{وَلِلۡكَٰفِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ}

(واو) استینافیہ، (للکافرین) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (عذاب الیم) بترکیب توصیفی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{مَّا يَوَدُّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ}

(ما) نافیہ، (یود) فعل، (الذین) اسم موصول، (کفروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر فاعل ہوا (یود) کا، (یود) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{مِنۡ أَهۡلِ ٱلۡكِتَٰبِ وَلَا ٱلۡمُشۡرِكِينَ}

(من) حرف جار، (اھل الکتاب) بترکیب اضافی معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (لا) زائد برائے تاکید، (المشرکین) معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتین) مقدر کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (کفروا) کے فاعل کا.

{أَن يُنَزَّلَ عَلَيۡكُم مِّنۡ خَيۡرٖ مِّن رَّبِّكُمۡ}

(ان) ناصبہ موصول حرفی، (ینزل) فعل مجہول، (علیکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو اول، (من) حرف جار زائد، (خیر) نائب فاعل،

(من) حرف جار، (ربکم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ثانی، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور دونوں ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مفعول بہ ہے (ما یود) کا.

{وَٱللَّهُ يَخۡتَصُّ بِرَحۡمَتِهِۦ}

(واو) استینافیہ، (اللہ) اسم جلالت مبتدا، (یختص) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (باء) حرف جار، (رحمتہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{مَن يَشَآءُ}

(من) اسم موصول، (یشاء) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (یختص) کا.

{وَٱللَّهُ ذُو ٱلۡفَضۡلِ ٱلۡعَظِيمِ}

(واو) حرف عطف، (اللہ) اسم جلالت مبتدا، (ذو) مضاف، (الفضل العظیم) بترکیب توصیفی مضاف الیہ، (ذو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر، (اللہ) اسم جلالت مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اللہ یختص برحمتہ...) پر.

{مَا نَنسَخۡ مِنۡ ءَايَةٍ أَوۡ نُنسِهَا نَأۡتِ}

(ما) اسم شرط موصوف، (من آیۃ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل،

اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (ما) کی، (ما) موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ مقدم ہوا (ننسخ) کا، (ننسخ) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ، (او) حرف عطف، (ننس) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ها) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر شرط، (نأت) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{بِخَيۡرٖ مِّنۡهَآ أَوۡ مِثۡلِهَآ}

(باء) حرف جار، (خیر) موصوف، (منها) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتٍ) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (خیر) کی، (خیر) موصوف اپنی صفت سے ملکر معطوف علیہ، (او) حرف عطف، (مثلها) بترکیب اضافی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (نأت) کا.

{أَلَمۡ تَعۡلَمۡ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (لم) نافیہ، (تعلم) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{أَنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٌ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی، (الله) اسم جلالت اس کا اسم، (علی) حرف جار، (کل شیء) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (قدیر) کا، (قدیر) صفت مشبہ، اس میں (هو)

ضمیر پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر خبر ہوا (ان) کے اسم کی، (ان) موصول حرفی کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مفعول بہ ہے (لم تعلم) کا.

{أَلَمۡ تَعۡلَمۡ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (لم) نافیہ، (تعلم) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{أَنَّ ٱللَّهَ لَهُۥ مُلۡكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۗ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی، (اللہ) اسم جلالت اس کا اسم، (لہ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (ملک) مضاف، (السموت والارض) بترکیب عطفی مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کے اسم کی، (ان) موصول حرفی کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مفعول بہ ہے (لم تعلم) کا.

{وَمَا لَكُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ مِن وَلِيّٖ وَلَا نَصِيرٍ}

(واو) حرف عطف، (ما) نافیہ، (لکم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتان) مقدر کا، (ثابتان) اسم فاعل، اس میں (ھما) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (من) حرف جار، (دون اللہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا)

اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال مقدم ہوا (ولی) کا، (من) حرف جار زائد، (ولی) ذوالحال مؤخر، ذوالحال مؤخر اپنے حال مقدم سے ملکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (لا) زائد برائے تاکید، (نصیر) معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (له ملك السموت والاض) پر.

{أَمۡ تُرِيدُونَ}

(ام) منقطعہ بمعنی بل وہمزہ، (تریدون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{أَن تَسۡـَٔلُواْ رَسُولَكُمۡ}

(ان) ناصبہ موصول حرفی، (تسئلوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (رسولکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (تریدون) کا.

{كَمَا سُئِلَ مُوسَىٰ مِن قَبۡلُۗ}

(کاف) حرف جار، (ما) مصدریہ موصول حرفی، (سئل) فعل مجہول، (موسی) نائب فاعل، (من قبل) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر

صفت ہوا (سؤالا) موصوف مقدر کی، (سؤالا) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول مطلق ہے (تسئلوا) کا.

{وَمَن يَتَبَدَّلِ ٱلْكُفْرَ بِٱلْإِيمَٰنِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ ٱلسَّبِيلِ}

(واو) استینافیہ، (من) اسم شرط مبتدا، (یتبدل) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (الکفر) مفعول بہ، (بالایمان) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (فاء) جزائیہ، (قد) حرف تحقیق، (ضل) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (سواء السبیل) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر خبر ہوا (من) کی، (من) اسم شرط مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَدَّ كَثِيرٌ}

(ود) فعل، (کثیر) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{مِّنْ أَهْلِ ٱلْكِتَٰبِ}

(من) حرف جار، (اھل الکتاب) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتون) مقدر کا، (ثابتون) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہے (کثیر) کی.

{لَوْ يَرُدُّونَكُم مِّنۢ بَعْدِ إِيمَٰنِكُمْ كُفَّارًا}

(لو) مصدریہ موصول حرفی، (یردون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (کم) مفعول بہ اول، (من) حرف جار، (بعد ایمانکم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (کفارا) مفعول بہ ثانی، فعل اپنے

فاعل، دونوں مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (لو) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مفعول بہ ہے (ود) کا.

{حَسَدًا مِّنۡ عِندِ أَنفُسِهِم}

(حسدا) موصوف، (من) حرف جار، (عند انفسهم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول لہ ہے (ود) کا.

{مِّنۢ بَعۡدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ ٱلۡحَقُّ}

(من) حرف جار، (بعد) مضاف، (ما) مصدریہ موصول حرفی، (تبین) فعل، (لهم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (الحق) فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مضاف الیہ ہوا (بعد) کا، (بعد) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (ود) کا.

{فَٱعۡفُواْ}

(فاء) فصیحہ، (اعفوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ) کی، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{وَٱصۡفَحُواْ}

(واو) حرف عطف، (اصفحوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف ہے (فاعفوا) پر.

{حَتَّىٰ يَأۡتِيَ ٱللَّهُ بِأَمۡرِهِۦٓۗ}

(حتی) حرف جار، اس کے بعد (ان) ناصبہ موصول حرفی مقدر، (یأتی) فعل، (اللہ) اسم جلالت فاعل، (باء) حرف جار، (امرہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی مقدر کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (اصفحوا) کا.

{إِنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٞ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (اللہ) اسم جلالت اس کا اسم، (علی) حرف جار، (کل شیء) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (قدیر) کا، (قدیر) صیغہ صفت، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، صیغہ صفت اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر خبر، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ}

(واو) استینافیہ، (اقیموا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الصلاۃ) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{وَءَاتُواْ ٱلزَّكَوٰةَ}

(واو) حرف عطف، (آتوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الزکاۃ) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اقیموا الصلاۃ) پر.

{وَمَا تُقَدِّمُواْ لِأَنفُسِكُم مِّنۡ خَيۡرٖ تَجِدُوهُ عِندَ ٱللَّهِۗ}

(واس) استینافیہ، (ما) اسم شرط موصوف، (من خیر) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) اسم فاعل کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (ما) کی، (ما) اسم شرط موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ مقدم ہوا (تقدموا) کا، (تقدموا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (لام) حرف جار، (انفسکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (تقدموا) فعل اپنے فاعل، مفعول بہ مقدم اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (تجدوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (ھاء) مفعول بہ، (عند اللہ) بترکیب اضافی مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، ، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{إِنَّ ٱللَّهَ بِمَا تَعۡمَلُونَ بَصِيرٌ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (اللہ) اسم جلالت اس کا اسم، (باء) حرف جار، (ما) اسم موصول، (تعملون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (بصیر) کا، (بصیر) صیغہ مبالغہ، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، صیغہ مبالغہ اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر خبر، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَقَالُواْ}

(واو) حرف عطف، (قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ود کثیر) پر.

{لَن يَدۡخُلَ ٱلۡجَنَّةَ إِلَّا مَن كَانَ هُودًا أَوۡ نَصَٰرَىٰ}

(لن) نافیہ، (یدخل) فعل، (الجنۃ) مفعول بہ، (الا) حرف حصر، (من) اسم موصول، (کان) فعل ناقص، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ اس کا اسم، (ھودا او نصاریٰ) بترکیب عطفی خبر، (کان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر فاعل ہوا (یدخل) کا، (یدخل) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ}

(تلک) مبتدا، (امانیھم) بترکیب اضافی خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا.

{قُلْ}

(قل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ}

(ھاتوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (برھانکم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قل) کا.

{إِنْ كُنتُمْ صَادِقِينَ}

(ان) حرف شرط، (کنتم) فعل ناقص، (تم) اس کا اسم، (صادقین) خبر، (کنتم) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء (فھاتوا برھانکم) محذوف ہے، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر حال ہے (ھاتوا) کے فاعل کا.

{بَلَىٰ}

(بلی) حرف ایجاب، اور اس کے بعد (یدخل الجنّۃ غیرھم) محذوف ہے، جس میں (یدخل) فعل، (الجنۃ) مفعول بہ، (غیرھم) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{مَنۡ أَسۡلَمَ وَجۡهَهُۥ لِلَّهِ وَهُوَ مُحۡسِنٞ فَلَهُۥٓ أَجۡرُهُۥ}

(من) اسم شرط مبتدا، (اسلم) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (وجھہ) بترکیب اضافی مفعول بہ، (ﷲ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (واو) حالیہ، (ھو) مبتدا، (محسن) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (اسلم) کے فاعل کا، (فاء) جزائیہ، (لہ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (اجرہ) بترکیب اضافی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر خبر ہوا (من) کی، (من) اسم شرط مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{عِندَ رَبِّهِۦ}

(عند ربہ) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (اجرہ) کا.

{وَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ}

(واو) حرف عطف، (لا) برائے نفی جنس ملغی عن العمل، (خوف) مبتدا، (علیھم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے

فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (خوف) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر

معطوف ہے (له اجره عند ربه) پر.

{وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُونَ}

(واو) حرف عطف، (لا) زائد برائے تاکید، (هم) مبتدا، (يحزنون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (هم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (له اجره عند ربه) پر.

{وَقَالَتِ ٱلۡيَهُودُ}

(واو) استینافیہ، (قالت) فعل، (اليهود) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{لَيۡسَتِ ٱلنَّصَٰرَىٰ عَلَىٰ شَيۡءٖ}

(ليست) فعل ناقص، (النصارى) اس کا اسم، (على شيئ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتين) مقدر کا، (ثابتين) اسم فاعل، اس میں (هم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (ليست) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قالت) کا.

{وَقَالَتِ ٱلنَّصَٰرَىٰ}

(واو) حرف عطف، (قالت) فعل، (النصارى) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قالت اليهود) پر.

{لَيۡسَتِ ٱلۡيَهُودُ عَلَىٰ شَيۡءٖ}

(لیست) فعل ناقص، (الیھود) اس کا اسم، (علی شیئ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتین) مقدر کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (لیست) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قالت الیھود) کا.

{وَهُمۡ يَتۡلُونَ ٱلۡكِتَٰبَ}

(واو) حالیہ، (ھم) مبتدا، (یتلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الکتاب) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (ھم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (الیھود والنصاری) کا.

{كَذَٰلِكَ قَالَ ٱلَّذِينَ لَا يَعۡلَمُونَ مِثۡلَ قَوۡلِهِمۡ}

(کاف) حرف جار، (ذلک) مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (قولا) موصوف مقدر کی، (قولا) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول مطلق مقدم، (قال) فعل، (الذین) اسم موصول، (لا) نافیہ، (یعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر فاعل ہوا (قال) کا، (مثل قولھم) بترکیب اضافی مفعول بہ ہوا (قال) کا، (قال) فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول مطلق مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{فَٱللَّهُ يَحۡكُمُ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ}

(فاء) استینافیہ، (اللہ) اسم جلالت مبتدا، (یحکم) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (بینھم) بترکیب اضافی مفعول فیہ اول، (یوم القیامۃ)

بترکیب اضافی مفعول فیہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{فِيمَا كَانُواْ فِيهِ يَخۡتَلِفُونَ}

(فی) حرف جار، (ما) اسم موصول، (کانوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (فیہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (یختلفون) کا، (یختلفون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کانوا) کی، (کانوا) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (یحکم) کا.

{وَمَنۡ أَظۡلَمُ}

(واو) استینافیہ، (من) اسم استفہام مبتدا، (اظلم) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{مِمَّن مَّنَعَ مَسَٰجِدَ ٱللَّهِ}

(مِنْ) حرف جار، (مَنْ) اسم موصول، (منع) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (مساجد اللہ) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (من) کا، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (اظلم) کا.

{أَن يُذۡكَرَ فِيهَا ٱسۡمُهُۥ}

(ان) ناصبہ موصول حرفی، (یذکر) فعل مجہول، (فیھا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (اسمہ) بترکیب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول

اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مفعول بہ ثانی ہے (منع) کا.

{وَسَعَىٰ فِي خَرَابِهَآ}

(واو) حرف عطف، (سعی) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (فی) حرف جار، (خرابھا) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (منع مسٰجد اللہ...) پر.

{أُوْلَٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَن يَدْخُلُوهَآ إِلَّا خَآئِفِينَ}

(اولئک) مبتدا، (ما) نافیہ، (کان) فعل ناقص، (لھم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (ان) ناصبہ موصول حرفی، (یدخلوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (ھا) مفعول بہ، (الا) حرف حصر، (خائفین) حال ہے (یدخلوا) کے فاعل کا، (یدخلوا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد اسم مؤخر ہوا (کان) کا، (کان) اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (اولئک) کی، (اولئک) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{لَهُمْ فِي ٱلدُّنْيَا خِزْيٌ}

(لھم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (فی الدنیا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا اسی (ثابت) کا، (ثابت) اسم فاعل اپنے

فاعل، ظرف مستقر اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (خزی) مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَهُمۡ فِي ٱلۡأٓخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيم}

(واو) حرف عطف، (لهم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (فی الآخرة) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا اسی (ثابت) کا، (ثابت) اسم فاعل اپنے فاعل، ظرف مستقر اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (عذاب عظیم) بترکیب توصیفی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لھم فی الدنیا خزی) پر.

{وَلِلَّهِ ٱلۡمَشۡرِقُ وَٱلۡمَغۡرِبُ}

(واو) استینافیہ، (ﷲ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتان) اسم فاعل کا، (ثابتان) اسم فاعل، اس میں (هما) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (المشرق والمغرب) بترکیب عطفی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{فَأَيۡنَمَا تُوَلُّواْ فَثَمَّ وَجۡهُ ٱللَّهِ}

(فاء) استینافیہ، (اینما) اسم شرط مفعول فیہ مقدم ہوا (تولوا) کا، (تولوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (فاء) جزائیہ، (ثم) مفعول فیہ ہے (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (وجه ﷲ) بترکیب اضافی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے

ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{إِنَّ ٱللَّهَ وَٰسِعٌ عَلِيمٌ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (اللہ) اسم جلالت اس کا اسم، (واسع) خبر اول، (علیم) خبر ثانی، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم اور دونوں خبروں سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَقَالُواْ}

(واو) حرف عطف، (قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (وقالت الیہود: آیۃ/١١٣) پر.

{ٱتَّخَذَ ٱللَّهُ وَلَدًا}

(اتخذ) فعل، (اللہ) اسم جلالت فاعل، (ولدا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{سُبۡحَٰنَهُۥ}

(سبحانه) بترکیب اضافی مفعول مطلق ہوا (أُسَبِّحُ) مقدر کا، (اسبح) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ معترضہ ہوا.

{بَل لَّهُۥ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ}

(بل) حرف اضراب، (له) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (ما) اسم موصول، (فی) حرف جار، (السموت والارض)

بترکیب عطفی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثَبَتَ) فعل مقدر کا، (ثبت) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{كُلٌّ لَّهُۥ قَٰنِتُونَ}

(کل) مبتدا، (لہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (قانتون) کا، (قانتون) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{بَدِيعُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ}

(بدیع) مضاف، (السموت والارض) بترکیب عطفی مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوا (ھو) مبتدائے محذوف کی، (ھو) مبتدائے محذوف اپنی خبر مذکور سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَإِذَا قَضَىٰٓ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُۥ}

(واو) حرف عطف، (اذا) ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم، (قضی) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (امرا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (فاء) جزائیہ، (ان) حرف مشبہ بالفعل مکفوف عن العمل، (ما) کافہ، (یقول) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر معطوف ہے (ھو بدیع السموت والارض) پر.

{كُنۡ}

(کن) فعل تام، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (یقول) کا.

{فَيَكُونُ}

(فاء) استینافیہ، (یکون) فعل تام، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ھو) مبتدائے محذوف کی، (ھو) مبتدائے محذوف اپنی خبر مذکور سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَقَالَ ٱلَّذِينَ لَا يَعۡلَمُونَ}

(واو) استینافیہ، (قال) فعل، (الذین) اسم موصول، (لا) نافیہ، (یعلمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر فاعل ہوا (قال) کا، فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{لَوۡلَا يُكَلِّمُنَا ٱللَّهُ}

(لولا) حرف تحضیض، (یکلم) فعل، (نا) مفعول بہ، (اللہ) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{أَوۡ تَأۡتِينَآ ءَايَةٞ}

(او) حرف عطف، (تأتی) فعل، (نا) مفعول بہ، (آیة) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (یکلمنا اللہ) پر.

{كَذَٰلِكَ قَالَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِم مِّثۡلَ قَوۡلِهِمۡ}

(کاف) حرف جار، (ذلک) مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) اسم فاعل کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (قولا) موصوف مقدر کی، (قولا) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول مطلق مقدم، (قال) فعل، (الذین) اسم موصول، (من) حرف جار، (قبلھم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثَبَتَ) فعل مقدر کا، (ثبت) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل یاپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر فاعل ہوا (قال) کا، (مثل قولھم) بترکیب اضافی مفعول بہ ہوا (قال) کا، (قال) فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول مطلق مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{تَشَٰبَهَتۡ قُلُوبُهُمۡ}

(تشابھت) فعل، (قلوبھم) بترکیب اضافی فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{قَدۡ بَيَّنَّا ٱلۡأٓيَٰتِ لِقَوۡمٖ}

(قد) حرف تحقیق، (بینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (الآیات) مفعول بہ، (لقوم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{يُوقِنُونَ}

(یوقنون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ہے (قوم) کی.

{إِنَّآ أَرۡسَلۡنَٰكَ بِٱلۡحَقِّ بَشِيرٗا وَنَذِيرٗا}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (نا) اس کا اسم، (ارسلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (کاف) ذوالحال، (بالحق) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال اول، (بشیرا ونذیرا) بترکیب عطفی حال ثانی، (کاف) ذوالحال اپنے دونوں حال سے ملکر مفعول بہ ہوا (ارسلنا) کا، (ارسلنا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَا تُسۡـَٔلُ عَنۡ أَصۡحَٰبِ ٱلۡجَحِيمِ}

(واو) استینافیہ، (لا) نافیہ، (تسئل) فعل مجہول، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (عن) حرف جار، (اصحاب الجحیم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (لا تسئل) فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَن تَرۡضَىٰ عَنكَ ٱلۡيَهُودُ وَلَا ٱلنَّصَٰرَىٰ}

(واو) استینافیہ، (لن) نافیہ، (ترضی) فعل، (عنک) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو اول، (الیهود) معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (لا) زائد برائے تاکید، (النصاری) معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{حَتَّىٰ تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمۡ}

(حتی) حرف جار، اس کے بعد (ان) ناصبہ موصول حرفی مقدر، (تتبع) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ملتهم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی مقدر کا، موصول حرفی مقدر اپنے

صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (لن ترضی) کا.

{قُلۡ}

(قل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{إِنَّ هُدَى ٱللَّهِ هُوَ ٱلۡهُدَىٰ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (هدی الله) بترکیب اضافی اس کا اسم، (هو) ضمیر فصل، (الهدی) خبر، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قل) کا.

{وَلَئِنِ ٱتَّبَعۡتَ أَهۡوَآءَهُم}

(واو) استینافیہ، (لام) موطئه للقسم، (ان) حرف شرط، (اتبعت) فعل، اس میں (تاء) فاعل، (اهواءهم) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء (فما لك من الله من ولی ولا نصیر) محذوف ہے، شرط مذکور اپنی جزائے محذوف سے ملکر جملہ شرطیہ معترضہ ہوا.

{بَعۡدَ ٱلَّذِي جَآءَكَ}

(بعد) مضاف، (الذی) اسم موصول، (جاء) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (کاف) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (الذی) کا، (الذی) اپنے صلہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا (بعد) کا، (بعد) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہے (اتبعت) کا.

{مِنَ ٱلۡعِلۡمِ}

(من العلم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (جاء) کے فاعل کا۔

{مَا لَكَ مِنَ ٱللَّهِ مِن وَلِيّٖ وَلَا نَصِيرٍ}

(ما) نافیہ، (لک) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتان) اسم فاعل کا، (ثابتان) اسم فاعل، اس میں (ھما) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (من) حرف جار، (دون اللہ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) اسم فاعل کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال مقدم ہوا (ولی) کا، (من) حرف جار زائد، (ولی) ذوالحال مؤخر، ذوالحال مؤخر اپنے حال مقدم سے ملکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (لا) زائد برائے تاکید، (نصیر) معطوف، (ولی) معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم محذوف (وَاللہِ) کا، جس میں (واو) حرف جار برائے قسم، (اللہ) اسم جلالت مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

{ٱلَّذِينَ ءَاتَيۡنَٰهُمُ ٱلۡكِتَٰبَ يَتۡلُونَهُۥ حَقَّ تِلَاوَتِهِۦٓ أُوْلَٰٓئِكَ يُؤۡمِنُونَ بِهِۦ}

(الذین) اسم موصول، (آتینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (ھم) مفعول بہ اول، (الکتاب) ذوالحال، (یتلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (ھاء) مفعول بہ، (حق تلاوتہ) بترکیب اضافی مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ

اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (الکتاب) کا، (الکتاب) ذوالحال اپنے حال سے ملکر مفعول بہ ثانی ہوا (آتینا) کا، (آتینا) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مبتدائے اول، (اولئک) مبتدائے ثانی، (یؤمنون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (بہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (یؤمنون) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا مبتدائے ثانی کی، مبتدائے ثانی اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا مبتدائے اول کی، مبتدائے اول اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَمَن يَكۡفُرۡ بِهِۦ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡخَٰسِرُونَ}

(واو) حرف عطف، (من) اسم شرط مبتدا، (یکفر) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (بہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (فاء) جزائیہ، (اولئک) مبتدا، (ھم) ضمیر فصل، (الخاسرون) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر خبر ہوا (من) کی، (من) اسم شرط مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (الّذین ءاتینھم الکتب...) پر.

{يَٰبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ}

(یا) حرف ندا قائم مقام (ادعو) فعل کے، (ادعو) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (بنی اسرائیل) بترکیب اضافی منادی مفعول بہ، (ادعو) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{ٱذۡكُرُواْ نِعۡمَتِيَ}

(اذکروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (نعمتی) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا ہوا.

{ٱلَّتِيٓ أَنۡعَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ}

(التی) اسم موصول، (انعمت) فعل، اس میں (تاء) فاعل، (علیکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (التی) کا، (التی) اپنے صلہ سے ملکر صفت ہے (نعمتی) کی.

{وَأَنِّي فَضَّلۡتُكُمۡ عَلَى ٱلۡعَٰلَمِينَ}

(واو) حرف عطف، (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی، (یاء) اس کا اسم، (فضلت) فعل، اس میں (تاء) فاعل، (کم) مفعول بہ، (علی العالمین) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کے اسم کی، (ان) موصول حرفی کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد معطوف ہے (نعمتی) پر.

{وَٱتَّقُواْ يَوۡمٗا}

(واو) حرف عطف، (اتقوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (یوما) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذکروا: آیة/۱۲۲) پر.

{لَّا تَجۡزِي نَفۡسٌ عَن نَّفۡسٖ شَيۡـٔٗا}

(لا) نافیہ، (تجزی) فعل، (نفس) فاعل، (عن نفس) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (شیئا) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ہے (یوما) کی.

{وَلَا يُقۡبَلُ مِنۡهَا عَدۡلٌ}

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (یقبل) فعل مجہول، (منہا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (عدل) نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا تجزی...) پر.

{وَلَا تَنفَعُهَا شَفَٰعَةٌ}

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (تنفع) فعل، (ھا) مفعول بہ، (شفاعۃ) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا تجزی...) پر.

{وَلَا هُمۡ يُنصَرُونَ}

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (ھم) مبتدا، (ینصرون) فعل مجہول، اس میں (واو) نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (ھم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا تجزی...) پر.

{وَإِذِ ٱبۡتَلَىٰٓ إِبۡرَٰهِـۧمَ رَبُّهُۥ بِكَلِمَٰتٍ}

(واو) استینافیہ، (اذ) ظرفیہ مضاف، (ابتلی) فعل، (ابراھیم) مفعول بہ، (ربہ) بترکیب اضافی فاعل، (بکلمات) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ ہوا (أُذْكُرْ) فعل مقدر کا، (اذکر) فعل، اس میں (انت) ضمیر

پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{فَأَتَمَّهُنَّ}

(فاء) حرف عطف، (اتم) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ھن) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ابتلی) پر.

{قَالَ}

(قال) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (یاء) اس کا اسم، (جاعل) مضاف، (کاف) مضاف الیہ، (للناس) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (جاعل) کا، (اماما) مفعول بہ ہے (جاعل) کا، (جاعل) مضاف اپنے مضاف الیہ، ظرف لغو اور مفعول بہ ملکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{قَالَ}

(قال) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَمِن ذُرِّيَّتِي}

(واو) حرف عطف، (من) حرف جار، (ذریتی) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور

ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (فریقا) موصوف مقدر کی، (فریقا) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ ثانی مقدم ہوا (اِجْعَلْ) مقدر کا، (اجعل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، اور اس کا مفعول بہ اول (اماما) بھی محذوف ہے، (اجعل) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (انی جاعلک للناس اماما) پر.

{قَالَ}

(قال) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{لَا يَنَالُ عَهۡدِي ٱلظَّٰلِمِينَ}

(لا) نافیہ، (ینال) فعل، (عهدی) بترکیب اضافی فاعل، (الظالمین) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{وَإِذۡ جَعَلۡنَا ٱلۡبَيۡتَ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (جعلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (البیت) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ ہوا (اُذْكُرْ) مقدر کا، (اذکر) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (واذ ابتلی ابراهیم) میں موجود (اذ) کے عامل مقدر (اذکر) پر.

{مَثَابَةٗ لِّلنَّاسِ وَأَمۡنٗا}

(مثابۃ) موصوف، (للناس) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتۃً) مقدر کا، (ثابتۃ) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت، (مثابۃ) موصوف اپنی صفت سے ملکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (امنا) معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مفعول بہ ثانی ہے (جعلنا) کا.

{وَٱتَّخِذُواْ مِن مَّقَامِ إِبۡرَٰهِـۧمَ مُصَلّٗى}

(واو) حرف عطف، (اتخذوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (من) حرف جار، (مقام ابراھیم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (مصلی) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہوا (قلنا) فعل مقدر کا، (قلنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (جعلنا البیت...) پر.

{وَعَهِدۡنَآ إِلَىٰٓ إِبۡرَٰهِـۧمَ وَإِسۡمَٰعِيلَ}

(واو) حرف عطف، (عھدنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (الی) حرف جار، (ابراھیم واسماعیل) بترکیب عطفی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (جعلنا البیت...) پر.

{أَنۡ طَهِّرَا بَيۡتِيَ لِلطَّآئِفِينَ وَٱلۡعَٰكِفِينَ وَٱلرُّكَّعِ ٱلسُّجُودِ}

(ان) ناصبہ موصول حرفی، (طھرا) فعل، اس میں (الف) فاعل، (بیتی) بترکیب اضافی مفعول بہ، (لام) حرف جار، (الطائفین) معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (العاکفین) معطوف اول، (واو) حرف عطف، (الرکع السجود) بترکیب توصیفی معطوف ثانی، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفات سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا

(طهرا) کا، (طهرا) فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مجرور ہوا (باء) حرف جار مقدر کا، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ثانی ہے (عهدنا) کا.

{وَإِذْ قَالَ إِبْرَٰهِـۧمُ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (قال) فعل، (ابراهیم) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ ہوا (أُذْكُرْ) مقدر کا، (اذکر) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذ ابتلی ابراهیم...) میں موجود (اذ) کے عامل مقدر (اذکر) پر.

{رَبِّ}

(رب) یہ اصل میں (یا ربی) تھا، جس میں (یا) حرف ندا قائم مقام (ادعو) کے، (ادعو) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (رب) مضاف، (یاء) محذوف مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر منادی مفعول بہ، (ادعو) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{ٱجْعَلْ هَٰذَا بَلَدًا ءَامِنًا}

(اجعل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (هذا) مفعول بہ اول، (بلدا آمنا) بترکیب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا ہوا.

{وَٱرْزُقْ أَهْلَهُۥ مِنَ ٱلثَّمَرَٰتِ}

(واو) حرف عطف، (ارزق) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (اهله) بترکیب اضافی مفعول بہ، (من الثمرات) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اجعل هذا بلدا ءامنا) پر.

{مَنۡ ءَامَنَ مِنۡهُم بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ}

(من) اسم موصول، (آمن) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (منهم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے فاعل ہے (آمن) کے فاعل کا، (باء) حرف جار، (الله) اسم جلالت معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (اليوم الآخر) بترکیب توصیفی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (آمن) کا، (آمن) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (من) کا، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر بدل ہے (اهله) سے.

{قَالَ}

(قال) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَمَن كَفَرَ}

(واو) حرف عطف، (من) اسم موصول، (كفر) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (من) کا، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہوا (اَرْزُقُ) مقدر کا، (ارزق) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے

(اَرْزُقُهُ) مقدر پر، جس میں (ارزق) فعل مع فاعل، (ھاء) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مقولہ ہے (قال) کا.

{فَأُمَتِّعُهُۥ قَلِيلٗا}

(فاء) فعل عطف، (امتع) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ھاء) مفعول بہ، (قلیلا) صفت ہے (تمتیعا) موصوف مقدر کی، (تمتیعا) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (من کفر) کے عامل (ارزق) مقدر پر.

{ثُمَّ أَضۡطَرُّهُۥٓ إِلَىٰ عَذَابِ ٱلنَّارِ}

(ثم) حرف عطف، (اضطر) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ھاء) مفعول بہ، (الی) حرف جار، (عذاب النار) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (امتعہ...) پر.

{وَبِئۡسَ ٱلۡمَصِيرُ}

(واو) استینافیہ، (بئس) فعل ذم، (المصیر) فاعل، فعل ذم اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم، اور اس کا مخصوص بالذم مبتدائے مؤخر (النار) محذوف ہے، (النار) مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَإِذۡ يَرۡفَعُ إِبۡرَٰهِـۧمُ ٱلۡقَوَاعِدَ مِنَ ٱلۡبَيۡتِ وَإِسۡمَٰعِيلُ}

(واو) حرف عطف، (اذ) ظرفیہ مضاف، (یرفع) فعل، (ابراھیم) معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (اسماعیل) معطوف، معطوف علیہ اپنے

معطوف سے ملکر فاعل، (القواعد) ذوالحال، (من البیت) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتةً) اسم فاعل کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہوا (القواعد) کا، (القواعد) ذوالحال اپنے حال سے ملکر مفعول بہ ہوا (یرفع) کا، (یرفع) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ ہوا (أُذْكُرْ) فعل مقدر کا، (اذکر) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (اذ ابتلی ابراھیم...) میں موجود (اذ) کے عامل مقدر (اذکر) پر.

{رَبَّنَا}

(ربنا) یہ اصل میں (یا ربنا) تھا، جس میں (یا) حرف ندا قائم مقام (ادعو) کے، (ادعو) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (رب) مضاف، (یاء) محذوف مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہوا (یقولان) مقدر کا، (یقولان) فعل، اس میں (الف) فاعل، فعل اپنے فاعل مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (یرفع) کے فاعل (ابراھیم واسماعیل) کا.

{تَقَبَّلۡ مِنَّآ}

(تقبل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (منا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا ہوا.

{إِنَّكَ أَنتَ ٱلسَّمِيعُ ٱلۡعَلِيمُ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (کاف) اس کا اسم، (انت) ضمیر فصل، (السمیع) خبر اول، (العلیم) خبر ثانی، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا.

{رَبَّنَا}

(ربنا) یہ اصل میں (یا ربنا) تھا، جس میں (یا) حرف ندا قائم مقام (ادعو) فعل کے، (ادعو) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (رب) مضاف، (یاء) محذوف مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر منادی مفعول بہ، (ادعو) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ معترضہ ہوا.

{وَٱجۡعَلۡنَا مُسۡلِمَيۡنِ لَكَ}

(واو) حرف عطف، (اجعل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (نا) مفعول بہ اول، (مسلمین) اسم فاعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لک) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (مسلمین) کا، (مسلمین) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر مفعول بہ ثانی ہوا (اجعل) کا، (اجعل) فعل اپنے فاعل دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (تقبل منا) پر.

{وَمِن ذُرِّيَّتِنَآ أُمَّةٗ مُّسۡلِمَةٗ لَّكَ}

(واو) حرف عطف، (من) حرف جار، (ذریتنا) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) اسم فاعل کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (فریقا) موصوف مقدر کی، (فریقا) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ ثانی مقدم ہوا (اِجْعَلْ) فعل مقدر کا، (اجعل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (امة) موصوف، (مسلمة) اسم فاعل، اس میں (هی)

ضمیر پوشیدہ فاعل، (لک) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (مسلمة) کا، (مسلمة) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوا (امة) کی، (امة) موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ اول ہوا (اجعل) کا، (اجعل) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (تقبل منا) پر.

{وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا}

(واو) حرف عطف، (ار) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (نا) مفعول بہ اول، (مناسکنا) بترکیب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (تقبل منا) پر.

{وَتُبْ عَلَيْنَآ}

(واو) حرف عطف، (تب) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (علینا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (تقبل منا) پر.

{إِنَّكَ أَنتَ ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (کاف) اس کا اسم، (انت) ضمیر فصل، (التواب) خبر اول، (الرحیم) خبر ثانی، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا.

{رَبَّنَا}

(ربنا) یہ اصل میں (یا ربنا) تھا، جس میں (یا) حرف ندا قائم مقام (ادعو) فعل کے، (ادعو) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (رب) مضاف، (یاء) محذوف مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر منادی

مفعول بہ، (ادعو) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ معترضہ ہوا.

{وَٱبۡعَثۡ فِيهِمۡ}

(واو) حرف عطف، (ابعث) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (فیھم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (تقبل منا) پر.

{رَسُولٗا مِّنۡهُمۡ}

(رسولا) موصوف، (منھم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت، (رسولا) موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ ہے (ابعث) کا.

{يَتۡلُواْ عَلَيۡهِمۡ ءَايَٰتِكَ}

(یتلو) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (علیھم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (آیاتک) بترکیب اضافی مفعول بہ، (یتلو) فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ثانی ہے (رسولا) کی.

{وَيُعَلِّمُهُمُ ٱلۡكِتَٰبَ وَٱلۡحِكۡمَةَ}

(واو) حرف عطف، (یعلم) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ھم) مفعول بہ اول، (الکتاب والحکمۃ) بترکیب عطفی مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (یتلو علیھم...) پر.

{وَيُزَكِّيهِمۡ}

(واو) حرف عطف، (يزكى) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ھم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (يتلو عليهم...) پر.

{إِنَّكَ أَنتَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (کاف) اس کا اسم، (انت) ضمیر فصل، (العزیز) خبر اول، (الحکیم) خبر ثانی، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا.

{وَمَن يَرۡغَبُ عَن مِّلَّةِ إِبۡرَٰهِـۧمَ إِلَّا مَن سَفِهَ نَفۡسَهُۥ}

(واو) استینافیہ، (من) اسم استفہام مبتدا، (یرغب) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ مبدل منہ، (عن) حرف جار، (ملة إبراهيم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (الا) حرف استثناء، (من) اسم موصول، (سفه) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (نفسه) بترکیب اضافی مفعول بہ، (سفه) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (من) کا، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر بدل، (ھو) مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر فاعل ہوا (یرغب) کا، (یرغب) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (من) کی، (من) اسم استفہام مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{وَلَقَدِ ٱصۡطَفَيۡنَٰهُ فِي ٱلدُّنۡيَا}

(واو) استینافیہ، (لام) برائے جواب قسم، (قد) حرف تحقیق، (اصطفينا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (ھاء) مفعول بہ، (فی الآخرة) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم محذوف (وَاللهِ) کا، جس میں (واو) حرف جار برائے قسم، (الله) اسم جلالت مجرور، جار مجرور

سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{وَإِنَّهُۥ فِي ٱلۡأٓخِرَةِ لَمِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ}

(واو) حالیہ، (ان) حرف مشبہ بالفعل، (ھاء) ذوالحال، (فی الآخرۃ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) اسم فاعل کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہوا (ھاء) کا، (ھاء) ذوالحال اپنے حال سے ملکر اسم ہوا (ان) کا، (لام) حرف تاکید، (من الصالحین) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (اصطفیناہ) کے مفعول بہ کا.

{إِذۡ قَالَ لَهُۥ رَبُّهُۥٓ}

(اذ) ظرفیہ مضاف، (قال) فعل، (لہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (ربہ) بترکیب اضافی فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہے (ولقد اصطفینٰہ) میں موجود (اصطفینا) کا.

{أَسۡلِمۡ}

(اسلم) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{قَالَ}

(قال) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{أَسۡلَمۡتُ لِرَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ}

(اسلمت) فعل، اس میں (تاء) فاعل، (لام) حرف جار، (رب العالمین) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{وَوَصَّىٰ بِهَآ إِبۡرَٰهِـۧمُ بَنِيهِ وَيَعۡقُوبُ}

(واو) حرف عطف، (وصی) فعل، (بھا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (ابراھیم) معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (یعقوب) معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر فاعل، (بنیہ) بترکیب اضافی مفعول بہ، (وصی) فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قال اسلمت...) پر.

{يَٰبَنِيَّ}

(یا) حرف ندا قائم مقام (ادعو) کے، (ادعو) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (بنی) بترکیب اضافی منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہوا (قَائِلَيْنِ) مقدر کا، (قائلین) اسم فاعل، اس میں (ھما) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (وصی) کے فاعل (ابراھیم ویعقوب) کا.

{إِنَّ ٱللَّهَ ٱصۡطَفَىٰ لَكُمُ ٱلدِّينَ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (اللہ) اسم جلالت اس کا اسم، (اصطفی) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لکم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (الدین) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب ندا ہوا.

{فَلَا تَمُوتُنَّ}

(فاء) فصیحہ، (لا) ناھیہ، (تموتن) فعل، (واو) محذوف فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ) کی، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{إِلَّا وَأَنتُم مُّسۡلِمُونَ}

(الا) حرف حصر، (واو) حالیہ، (انتم) مبتدا، (مسلمون) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (لا تموتن) کے فاعل کا.

{أَمۡ كُنتُمۡ شُهَدَآءَ}

(ام) منقطعہ بمعنی بل وہمزہ، (کنتم) فعل ناقص، (تم) اس کا اسم، (شهداء) خبر، (کنتم) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{إِذۡ حَضَرَ يَعۡقُوبَ ٱلۡمَوۡتُ}

(اذ) ظرفیہ مضاف، (حضر) فعل، (یعقوب) مفعول بہ، (الموت) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہے (شهداء) کا.

{إِذۡ قَالَ لِبَنِيهِ}

(اذ) ظرفیہ مضاف، (قال) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لام) حرف جار، (بنیه) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر بدل ہے (اذ حضر...) میں موجود (اذ) سے.

{مَا تَعۡبُدُونَ}

(ما) اسم استفہام مفعول بہ مقدم ہے (تعبدون) کا، (تعبدون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قال) کا.

{مِنۢ بَعۡدِي}

(من) حرف جار، (بعدی) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتین) مقدر کا، (ثابتین) اسم فاعل، اس میں (انتم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (تعبدون) کے فاعل کا.

{قَالُواْ}

(قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{نَعۡبُدُ إِلَٰهَكَ وَإِلَٰهَ ءَابَآئِكَ إِبۡرَٰهِـۧمَ وَإِسۡمَٰعِيلَ وَإِسۡحَٰقَ إِلَٰهٗا وَٰحِدٗا}

(نعبد) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (الھک) بترکیب اضافی معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (اله) مضاف، (آبائک) بترکیب اضافی مبدل منہ، (ابراھیم واسماعیل واسحاق) بترکیب عطفی بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مضاف الیہ ہوا (اله) کا، (اله) مضاف اپنے

مضاف الیہ سے ملکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبدل منہ، (الها واحدا) بترکیب توصیفی بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مفعول بہ ہوا (نعبد) کا، (نعبد) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{وَنَحۡنُ لَهُۥ مُسۡلِمُونَ}

(واو) حرف عطف، (نحن) مبتدا، (له) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (مسلمون) کا، (مسلمون) اسم فاعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (نحن) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (نعبد الهك) پر.

{تِلۡكَ أُمَّةٞ قَدۡ خَلَتۡۖ}

(تلک) مبتدا، (امة) موصوف، (قد) حرف تحقیق، (خلت) فعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت، (امة) موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر، (تلک) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{لَهَا مَا كَسَبَتۡ}

(لها) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (ما) اسم موصول، (کسبت) فعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَكُم مَّا كَسَبۡتُمۡ}

(واو) حرف عطف، (لکم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (ما) اسم موصول، (کسبتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لھا ما کسبت) پر.

{وَلَا تُسۡـَٔلُونَ}

(واو) استینافیہ، (لا) نافیہ، (تسئلون) فعل مجہول، اس میں (واو) نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{عَمَّا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ}

(عن) حرف جار، (ما) اسم موصول، (کانوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (یعملون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (یعملون) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کانوا) کی، (کانوا) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (لا تسئلون) کا.

{وَقَالُواْ}

(واو) استینافیہ، (قالوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{كُونُواْ هُودًا أَوۡ نَصَٰرَىٰ}

(کونوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (هودا او نصاریٰ) بترکیب عطفی خبر، (کونوا) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قالوا) کا.

{تَهۡتَدُواْ}

(تهتدوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (ان تکونوا هودا او نصاری) کی، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر حال ہے (کونوا) کے اسم کا.

{قُلۡ}

(قل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{بَلۡ مِلَّةَ إِبۡرَٰهِـۧمَ حَنِيفٗا}

(بل) حرف اضراب، (ملة) مضاف، (ابراهیم) ذوالحال، (حنیفا) حال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ ہوا (ملة) کا، (ملة) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ ہوا (نتّبع) مقدر کا، (نتبع) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قل) کا.

{وَمَا كَانَ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ}

(واو) حرف عطف، (ما) نافیہ، (کان) فعل ناقص، (هو) ضمیر پوشیدہ اس کا اسم، (من المشرکین) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) اسم فاعل کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر

خبر، (کان) فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (حنیفا) پر.

{قُولُوٓاْ}

(قولوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{ءَامَنَّا بِٱللَّهِ}

(آمنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (باللہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (قولوا) کا.

{وَمَآ أُنزِلَ إِلَيۡنَا}

(واو) حرف عطف، (ما) اسم موصول، (انزل) فعل مجہول، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، (الینا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف ہے (آمنا باللہ) میں موجود (اللہ) اسم جلالت پر.

{وَمَآ أُنزِلَ إِلَىٰٓ إِبۡرَٰهِـۧمَ وَإِسۡمَٰعِيلَ وَإِسۡحَٰقَ وَيَعۡقُوبَ وَٱلۡأَسۡبَاطِ}

(واو) حرف عطف، (ما) اسم موصول، (انزل) فعل مجہول، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، (الی) حرف جار، (ابراھیم واسماعیل واسحاق ویعقوب والاسباط) بترکیب عطفی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (انزل) فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف ہے (آمنا باللہ) میں موجود (اللہ) اسم جلالت پر.

{وَمَآ أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ}

(واو) حرف عطف، (ما) اسم موصول، (اوتی) فعل مجہول، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، (موسی وعیسی) بترکیب عطفی مفعول بہ، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف ہے (آمنا باللہ) میں موجود (اللہ) اسم جلالت پر.

{وَمَآ أُوتِيَ ٱلنَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمۡ}

(واو) حرف عطف، (ما) اسم موصول، (اوتی) فعل مجہول، (النبیون) نائب فاعل، (من) حرف جار، (ربھم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (اوتی) فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف ہے (آمنا باللہ) میں موجود (اللہ) اسم جلالت پر.

{لَا نُفَرِّقُ}

(لا) نافیہ، (نفرق) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہے (آمنا) کے فاعل کا.

{بَيۡنَ أَحَدٖ مِّنۡهُمۡ}

(بین) مضاف، (احد) موصوف، (منھم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتٍ) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت، (احد) موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ ہوا (بین) کا، (بین) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہے (لا فرق) کا.

{وَنَحۡنُ لَهُۥ مُسۡلِمُونَ}

(واو) حرف عطف، (نحن) مبتدا، (لہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (مسلمون) کا، (مسلمون) اسم فاعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (نحن) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا نفرق) پر.

{فَإِنۡ ءَامَنُواْ بِمِثۡلِ مَآ ءَامَنتُم بِهِۦ فَقَدِ ٱهۡتَدَواْۖ}

(فاء) استینافیہ، (ان) حرف شرط، (آمنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (باء) حرف جار، (مثل) زائد، (ما) اسم موصول، (آمنتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، (بہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (آمنتم) کا، (آمنتم) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (آمنوا) کا، (آمنوا) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (فاء) جزائیہ، (قد) حرف تحقیق، (اھتدوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{وَّإِن تَوَلَّوۡاْ فَإِنَّمَا هُمۡ فِي شِقَاقٖۖ}

(واو) حرف عطف، (ان) حرف شرط، (تولوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، (فاء) جزائیہ، (ان) حرف مشبہ بالفعل مکفوف عن العمل، (ما) کافہ، (ھم) مبتدا، (فی شقاق) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتون) اسم فاعل کا، (ثابتون) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (ھم) مبتدا اپنی خبر

سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر معطوف ہے جملہ شرطیہ (فان آمنوا...) پر.

{فَسَيَكۡفِيكَهُمُ ٱللَّهُۚ}

(فاء) حرف عطف، (سین) حرف استقبال، (یکفی) فعل، (کاف) مفعول بہ اول، (ہم) مفعول بہ ثانی، (اللہ) اسم جلالت فاعل، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فانما ہم فی شقاق) پر.

{وَهُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلۡعَلِيمُ}

(واو) استینافیہ، (ہو) مبتدا، (السمیع) خبر اول، (العلیم) خبر ثانی، مبتدا اپنی دونوں خبروں سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{صِبۡغَةَ ٱللَّهِ}

(صبغة اللہ) بترکیب اضافی مفعول مطلق ہوا (صَبَغَنَا اللّٰہُ) مقدر کا، جس میں (صبغ) فعل، (نا) مفعول بہ، (اللہ) اسم جلالت فاعل، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَمَنۡ أَحۡسَنُ مِنَ ٱللَّهِ صِبۡغَةً}

(واو) اعتراضیہ، (من) اسم استفہام مبتدا، (احسن) اسم تفضیل، اس میں (ہو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (من اللہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (صبغة) تمییز نسبت، (احسن) اسم تفضیل اپنے فاعل، ظرف لغو اور تمییز نسبت سے ملکر خبر، (من) اسم استفہام مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ معترضہ ہوا.

{وَنَحۡنُ لَهُۥ عَٰبِدُونَ}

(واو) حرف عطف، (نحن) مبتدا، (لہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (عابدون) کا، (عابدون) اسم فاعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (نحن) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (آمنا باللہ: آیت/١٣٦) پر.

{قُلۡ}

(قل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{أَتُحَآجُّونَنَا فِي ٱللَّهِ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (تحاجون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (نا) مفعول بہ، (فی اللہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قل) کا.

{وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمۡ}

(واو) حالیہ، (ھو) مبتدا، (ربنا) بترکیب اضافی معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (ربکم) بترکیب اضافی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہوا (اللہ) اسم جلالت کا.

{وَلَنَآ أَعۡمَٰلُنَا}

(واو) حرف عطف، (لنا) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتۃ) اسم فاعل کا، (ثابتۃ) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (اعمالنا) بترکیب اضافی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر

مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (وھو ربنا وربکم) پر.

{وَلَكُمۡ أَعۡمَٰلُكُمۡ}

(واو) حرف عطف، (لکم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتۃ) اسم فاعل کا، (ثابتۃ) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (اعمالکم) بترکیب اضافی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (وھو ربنا وربکم) پر.

{وَنَحۡنُ لَهُۥ مُخۡلِصُونَ}

(واو) حرف عطف، (نحن) مبتدا، (لہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (مخلصون) کا، (مخلصون) اسم فاعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (نحن) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (وھو ربنا وربکم) پر.

{أَمۡ تَقُولُونَ}

(ام) منقطعہ بمعنی بل وہمزہ، (تقولون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{إِنَّ إِبۡرَٰهِـۧمَ وَإِسۡمَٰعِيلَ وَإِسۡحَٰقَ وَيَعۡقُوبَ وَٱلۡأَسۡبَاطَ كَانُواْ هُودًا أَوۡ نَصَٰرَىٰ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ابراھیم...والاسباط) بترکیب عطفی اس کا اسم، (کانوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (ھودا او نصاریٰ) بترکیب عطفی خبر ہوا (کانوا) کی، (کانوا) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ

خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (تقولون) کا.

{قُلۡ}

(قل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{ءَأَنتُمۡ أَعۡلَمُ أَمِ ٱللَّهُۗ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (انتم) معطوف علیہ، (ام) حرف عطف، (اللہ) اسم جلالت معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبتدا، (اعلم) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (قل) کا.

{وَمَنۡ أَظۡلَمُ}

(واو) استینافیہ، (من) اسم استفہام مبتدا، (اظلم) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{مِمَّن كَتَمَ شَهَٰدَةً}

(مِنْ) حرف جار، (مَنْ) اسم موصول، (کتم) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (شهادة) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (من) کا، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (اظلم) کا.

{عِندَهُۥ}

(عندہ) بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا (ثابتةً) مقدر کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہے (شھادۃ) کی.

{مِنَ ٱللَّهِ}

(من اللہ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتةً) مقدر کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ثانی ہے (شھادۃ) کی.

{وَمَا ٱللَّهُ بِغَٰفِلٍ}

(واو) استینافیہ، (ما) مشابہ بلیس، (اللہ) اسم جلالت اس کا اسم، (باء) حرف جار زائد، (غافل) خبر، (ما) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{عَمَّا تَعۡمَلُونَ}

(عن) حرف جار، (ما) اسم موصول، (تعملون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (غافل) کا.

{تِلۡكَ أُمَّةٞ}

(تلک) مبتدا، (امة) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{قَدۡ خَلَتۡ}

(قد) حرف تحقیق، (خلت) فعل، اس میں (هی) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ہے (امة) کی.

{لَهَا مَا كَسَبَتۡ}

(لها) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (ما) اسم موصول، (کسبت) فعل، اس میں (هی) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَكُم مَّا كَسَبۡتُمۡۖ}

(واو) حرف عطف، (لکم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) اسم فاعل کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (ما) اسم موصول، (کسبتم) فعل، اس میں (تم) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لها ما کسبت) پر.

{وَلَا تُسۡـَٔلُونَ}

(واو) استینافیہ، (لا) نافیہ، (تسئلون) فعل مجہول، اس میں (واو) نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{عَمَّا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ}

(عن) حرف جار، (ما) اسم موصول، (کانوا) فعل ناقص، (واو) اس کا اسم، (یعملون) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کانوا) کی، (کانوا) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے (لا تسئلون) کا.

{{{{{{{{{{}}}}}}}}}}